ڈاکٹر ابوالخیر کشفی

اَخلاقِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم

قرآنِ حکیم کے آئینے میں

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : اخلاق اور قرآن
مصنف : ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی
ناشر : اسلامک بک سنٹر
سال اشاعت : 1992ء
صفحات : 192

AF - 1195

خریدنے کے پتے

پاکستان میں ملنے کے پتے

ISLAMIC BOOKS CENTRE
109-111, HALLI WELL ROAD
BOLTON BL1 2AB, U.K.

AZHAR ACADEMY LTD.
MANCHESTER ROAD
MANOR PARK, LONDON E13 9QW

امریکہ میں ملنے کے پتے

DARUS-USOOM AL-MADANIA
BUFFALO, NY 14212 U.S.A.

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
TAMPA, U.S.A.

فہرست

پیش لفظ	پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی	۴
اخلاق اور قرآن حکیم کے آئینے میں		۹
رسالت سے پہلے اصلاح نبی کی دائمی فکر		۲۹
صلح کا پیغام۔ بے غرضی اور خیر خواہی		۳۴
تجارت۔ دیانت کا ایک وسیلہ		۳۶
افکر اور پھر فکر		۳۸
سیرت صحابہ کی اہمیت		۴۲
یا ایھا الذین		۴۷
کافروں، ملحدوں کا ہر شعبہ فکر سے کی نفی		۵۱
جماعت صحابہ کی شیرازہ بندی		۵۳
زمانے کے مقابل جیو اور جینے کے سانچے		۵۸
دار ارقم۔ پہلا دار الاسلام		۶۲
صبر کا پیکر، امام صبر		۶۷
عبادت محض عمل نہیں بلکہ اخلاق حسنہ کی ایک شاخ ہے		۷۰
شعب ابی طالب		۸۱
نام، لقب اور عرف و اسماء		۸۵

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

اخلاقِ محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں ۶

اہل یثرب سے رابطہ	۴۸
معراج	۵۱
معراج: ہجرت اور عالم گیریت	۱۱۱
مدینے میں پہلا دن	۱۲۷
مدینہ میں اسلامی معاشرے کا قیام	۱۳۴
مدینہ منورہ کا اسلامی معاشرہ	۱۵۰
انسانی زندگی کی تین بنیادی صورتیں: حالتِ جنگ	۱۶۲
غزوات: ان کا پس منظر	۱۷۰
غزوہ ابواء/ودّان	۱۷۳
غزوہ بواط/رضویٰ کے بعد	۱۷۹
غزوہ العشیرہ	۱۸۶
غزوہ بدر	۱۹۲
کفار کی پہلی عسکری مہم	۲۱۲
ایک کے بعد دوسرا معرکہ	۲۵۳
غزوہ بنو سلیم/بنو قینقاع کے یہودیوں کے خلاف کارروائی/اور تعلیم آموز نتائج	۲۶۰
صلح حدیبیہ: پس منظر	۲۸۲
فتح مبین/صلح حدیبیہ کی تفصیل	۲۹۲
یہودی سرکوبی مہم/خیبر کی تفصیل	۳۰۵
دعوت، حکمت اور موعظت کے مراحل	۳۱۷
مدینہ منورہ کا معاشرہ	۳۴۳
نظامِ حسبہ	۳۵۵
مدینہ منورہ میں تعمیرِ جماعت	۳۷۰
مدینہ منورہ کی اجتماعی زندگی میں خواتین کا حصہ	۳۸۲
مدنی معاشرے کے دوسرے پہلو اور اخلاقیات	۴۳۲

اخلاقِ محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں ۵

مسجد نبوی: صحابہ کرام کی زندگی کا مرکز	۱۳۴
مدنی معاشرے میں مطہر رسول اللہ ﷺ کا نقشِ قدم	۱۳۵
ہنگامی مواقع: فوجی اور عسکری معرکے	۲۲۱
غزوۂ تبوک	۲۹۱
صدق کی دو مثالیں	۳۰۷
اسلام کی فتح مبین: فتح مکہ	۳۱۳
غزوۂ حنین	۳۴۵
ہوازن کا وفد خدمتِ رسول اللہ ﷺ میں	۳۶۱
زادِ راہ: مدینے کی طرف	۳۶۳
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب	۳۶۹
خطبۂ حجۃ الوداع: آفاقی منشور، اخلاق و حیاتِ انسانی	۳۷۶
رخصتی: ملاقات کے لیے تیاری	۳۸۲

کم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

پیش گفتار

ڈاکٹر ...

...

...

www.KitaboSunnat.com

اپنے قلم سے فرمائے۔ راقم الحروف نے اس کتاب کی تکمیل میں اپنے کے راستے اشاعت پذیر ہونے کا
حصہ اب قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

"اخلاق محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں" کی طرح موضوع کتاب بھی شروع
سے اسیر دعا رہی ہے قرآن اور احادیث میں اس کی آخری فرد حسن اخلاق سے متصف
رسول نے اسیر دعا میں اشاعت کے لئے اپنے اقوال سے چند روایات راقم کے حوالے کی
تھی۔ اس طرح یہ کتاب مصنف کے اپنے تعین کردہ خاکے کے مطابق مکمل شکل میں اشاعت
کے لئے پیش کی جا رہی ہے۔

سیرت طیبہ ﷺ کے حوالے سے اردو میں موجود بے مثال ذخیرے میں یہ کتاب
اپنے علمی کتب کی دونوں جلدوں کے ساتھ فراہمی اور معیار ہے، جس کا بنیادی سبب مصنف
علوم کی محبت نبوی ﷺ، عقیدت دینی، سوز، گداز اور اخلاص کے ساتھ ساتھ مصنف کا تعلق
مسلک اہلحدیث ہے جس نے سب کی تائید کے بغیر ایسا ہونا ممکن ہے کہ یہ کتاب اور سلسلہ
کتب قائم نہ ہو پا رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کو قبول فرمائے اور مصنف، مرتب، ناشر اور اشاعت سے متعلق
تمام افراد کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

سید عزیز الرحمٰن
رئیس دارالافتاء (سابق ۱۰) کراچی
دارالافتاء، جامعہ اسلامیہ محمدیہ، اسلام آباد
۳ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ

اخلاق محمد ﷺ

قرآن حکیم کے آئینے میں

نبی ﷺ کے بارے میں اللہ عزوجل نے فرمایا ہے

(وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ)

اور بے شک آپ (ﷺ) اخلاق کے اعلیٰ پیمانے اور مرتبے پر فائز ہیں۔

اس آیت کریمہ کی اہمیت و عظمت کی تفہیم کے لئے سورۃ القلم کی پہلی تین آیتوں کو بھی
ان کے ہمراہ سیاق میں مرتبہ ﷺ اور آپ کے اخلاق عالیہ کا مکمل طور پر احاطہ کرنا مناسب ہوگا۔

(نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ۝ مَا أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ۝
وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝)

ن اور قلم کی قسم اور ان کے لکھے ہوؤں کے لکھنے کی کہ آپ اپنے رب
کے فضل و کرم سے مجنون نہیں ہیں اور آپ کا اجر تو کبھی ختم ہونے والا
نہیں ہے۔

یہ آیات کریمہ مکہ معظمہ کے اس دور میں نازل ہوئیں جب نبی اکرم ﷺ کی دعوت

ن والقلم ۲۔
ن والقلم ۱۔۳

www.KitaboSunnat.com

کی طرف لوگ متوجہ ہونے لگے تھے۔ حج کے موقع پر اطراف و اکناف سے آنے والے زائروں کو قبولِ حق سے روکنے کے لئے قریش مکہ بھی اپنے نمائندے بھیجا کرتے تھے تاکہ آپ کے بارے میں وہ غلط فہمیوں کا شکار رہیں۔ قریش مکہ سرورِ کائنات کی سچائی اور جو کلام آپ پیش کر رہے تھے اس کی اس فصاحت سے بے حد پریشان اور خائف تھے جس کی مثال انہیں کلام بشر میں نہیں ملتی تھی۔ عرب اپنی فصاحت و بلاغت اور شاعری پر بے حد نازاں تھے۔ سخن کے انتخاب میں عربوں کی یہ مہارت شاعری سے عبارت تھی۔ وہ اپنے علاوہ سارے دنیا کو گونگا سمجھتے تھے۔ ان کے سامنے جو کلام رسول اللہ ﷺ پیش کر رہے تھے اسے کوئی ایک نام دینے پر وہ اتفاق نہ کر سکتے۔ یہی وہ نشانی تھی جس کی پیشگوئی اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش کردہ آیات کے کسی اور جہاں سے متعلق ہونے کا ثبوت تھا۔

کسی نے آپ کو سمجھایا کہ آپ کا کلام ہمارے کاہنوں کی ادا کو اپنی گرفت میں لے لیتا تھا۔ کسی نے آپ کو سمجھایا کہ اس کلام کا سرچشمہ کوئی عظیم جادو تھا جو آپ کے ہونٹوں سے بول رہا تھا۔ اور جب کچھ بھی نہ بن پایا تو آپ ﷺ کو دیوانہ اور مجنون کہنے لگے۔ لیکن آیاتِ الٰہی کے منکر ان سے سوا یا جتنوں پر کان دھرنے کی بجائے یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے کہ یہ تو کلام حکمت ہے اور اس میں ایسی اخلاقی اقدار اور تصورات حیات انسانی کو پیش کیا جا رہا ہے جن پر ایک نئے معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔

ان آیات میں نظر آیا جو قوتِ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے انتہا محبت کرنے والے قریبی لوگ ہیں۔ کبھی تو مسلم ہوں ہوتا ہے اپنے پیغام کی اس کا یقینی اتنا عظیم ہوتا ہے جتنی اس کی ذات و صفات کے استحکام کا انحصار اسی بات سے کہ وہ پیغام کس کلام کو وساطت کرنے کی قدرت پیمانوں میں کہاں تک اسے قلب و سماعت کو راحت کر سکتا ہے۔ کبھی اس کلام سے متاثر ہونے والے اجر سے بھی واقف ہوتا ہے جو اسے کامیابت کے طلبگار میں تو ماشوں اور تکلیفوں کو برداشت کرنے کی ہمت حاصل ہوتا ہے اور اس کے اخلاق عظیم کا انداز اسی بات سے ہو سکتا ہے کہ جو لوگ اس کی جان کے دشمن ہوتے ہیں اور اس پر عرصہ حیات تنگ کرنے کے لئے نت نئے ظلم ایجاد کرتے ہیں وہ انہیں کی فلاح کی خاطر اپنی دعوت کو جاری

رکھتا ہے، اور انہیں ہی اصلاح کی خاطر اپنے رب کے حضور دعائیں پیش کرتا ہے، راتوں کو جاگ کر اور آنسوؤں کو اپنی صداقت کا ثبوت بنا کر۔

سورہ علق کا آغاز حرف "اقرا" سے ہوتا ہے۔ یہ ایک امر ہے، اللہ تعالیٰ اور رسول کے درمیان۔ ہم اس کے مخاطب کی حالت میں زبان و بیان کی گہرائیوں اور پہنائیوں میں اپنے آپ کو سرگرداں نہیں رکھتے اور اس امر کو اپنے لئے کافی سمجھتے ہیں کہ یہ حرف راز اس مضمون سے پوری طرح وابستہ ہے۔ یہ کن کے ان کی مثال ہے، جو تخلیق کائنات کا اظہار ہے، کیونکہ نبوت کا آغاز اور انجام نبوت محمدی کائنات کی تکمیل ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

قلم کی قسم سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ قلم سے تخلیق کی نقطہ لوح محفوظ پر بھی گئی قلم سے صحیفہ کائنات لکھا گیا، اور یہی قلم فرشتوں کے ہاتھ میں ہمارے اعمال لکھ رہا ہے اور اسی قلم سے قرآن مجید لکھا جا رہا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے منقول قرآن اور تحریر، سیاہی، قلم، اعمال کی نوعیت سطروں کا علم ہوتا ہے۔ اور بعضوں نے اس کو کتاب الٰہی کا لکھا جانا قرار دیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ لیکن یہ بات بھی تفسیر والوں کے دائرے میں نہیں آتی کہ یہ سطروں میں اعمال کا لکھا جانا بھی دلیل ہے، قرآن عظیم کا لکھا جانا بھی اس کے دائرے میں داخل ہے، اور تخلیق کائنات میں مسلسل اضافے کی عبارت بھی اس کے مفہوم سے باہر نہیں۔

ان شاء اللہ آگے چل کر ہم ان اخلاقی قدروں اور ان اخلاقی مقامات پر گفتگو کریں گے، جن کی تجسیم ذات محمد عربی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے، اور جو آپ کی رحمۃ للعالمینی اور سیرت کے حوالے سے عالم انسانیت کو عطا ہوئی ہیں۔

یہاں اس بات کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ عام انسانوں کے اخلاق پر گفتگو کرتے ہوئے سیرت، ماحول، معروضی اثرات اور تعلیم جیسے مسائل و مباحث پر نظر ڈالنا ضروری ہوتا ہے مگر ہم انبیائے کرام اور بالخصوص سرورِ کائنات ﷺ کے اخلاق و کردار کے جائزے میں یہ نکتہ پیش نظر رہتا ہے کہ ان کا اخلاق علیہ ربانی ہے، جو ان کی رحمۃ للعالمینی کی آزمائشوں اور واقعات کے پس منظر میں ابھر کر انسانوں کے سامنے آتا چلا گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آخری رسول ہیں، اس لئے آپ کی سیرت مرد و زن کے انسانوں کے لئے کامل

کم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

زین نمونہ ہے۔ اور اسی لئے اس آیتِ کی تلاوت اکثر اوقات گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ بھی کی جاتی ہے۔

قرآن مجید کے تدریجی نزول کے بنیادی اسباب سے ایک سبب یہ بھی ہے کہ جس سماج کے ساتھ سے پہلے کے رسوم، عقائد، عادات و روایات، زبان، حالات میں موت کر رہا تھا اسے دینِ ایمان کے لئے تیار کیا جائے اور اس میں آپ کے اخلاق اور آپ کی سیرت نمونہ بن گئے ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جب سوال کیا گیا کہ ہمیں اخلاق و سیرت محمدی کے بارے میں کچھ بتائیے تو ان کا یہ مختصر جملہ سیرتِ رسول آخر الزماں ﷺ کا جامع ترین اور مانع ترین بیان بن کر محافظہ کا میں محفوظ ہو گیا۔

کان خلقہ القرآن (۳)

آپ کا اخلاق قرآن تھا۔

اس بات کو یوں بھی کہا جاتا ہے کہ آپ کی عظمت کے ساتھ قرآن آپ کا اخلاق تھا۔

اخلاق کا اظہار معاشرے میں عمل، تعامل اور ردِ عمل کے ذریعے ہوتا ہے اور دوسرے کے ساتھ برتاؤ، تعلقات اور معاملات سے جو صورتِ حال ابھرتی ہے اسی کے آئینے میں کسی کے اخلاقی خط و خال دیکھے جاتے ہیں۔ حضور ﷺ کی چالیس سالہ حیاتِ عملی نبوت اور نبوت کے تیئیس برسوں کے واقعات میں محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ حیاتِ انسانی کے یہ مواقع کسی بھی زندگی میں آپ کی حیاتِ طیبہ کے سامنے آتے ہیں اور ان تمام مراحل میں آپ کا طرزِ عمل اعلیٰ ترین اخلاق کو پیش کرتا ہے اور انسانوں کے لئے بہترین نمونہ ہے۔ یقیناً اسی سے آپ کی زندگی میں انسانوں کے لئے قابلِ رشک بنتی ہے۔ دورِ طفولیت میں آپ نے اپنے رضاعی بھائی بہنوں کے حقوق کا احترام کیا۔ آپ کے ہم رضاعی بھائی اور بہن تھے، ان میں سے دو آگے چل کر مسلمان ہو گئے تھے۔ عبداللہ اور انیسہ۔ ان کے اسلام قبول کرنے کے محرکات میں سرِ فہرست آپ کا حسنِ اخلاق اور اس عہد میں آپ کی پاکیزہ عادات کی یاد اور ان کا گہرا نقش بھی شامل ہے۔

واقعہ فیل کے بعد اس وقت پیش آیا جب آپ ﷺ کی عمر تیس سال اور بعثت کے

۱۔ سیرت ابن ہشام، الطبعۃ الثانیۃ، دار احیاء التراث العربی ۱۹۷۱ء، ص ۱۵۸

دس سال تھے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تو آپ کے نبی ہونے کا علم تھا تو پھر آپ کے قلبِ اطہر میں وہ ٹکڑا کیوں رکھا گیا جو شیطان کا حصہ تھا۔ اس کا جواب فوراً ذہن میں یہ آتا ہے کہ آپ کی حالت تمام انسانوں کی طرح تھی اور آپ کی نبوت اور گناہوں سے آپ کی عصمت اور آپ کا معصوم ہونا محض خداوندی اور حصہ نبوت تھا۔

ایک نوعمر لڑکے کی حیثیت سے آپ نے تقویٰ اور ادب سے ہمیشہ پرہیز کیا۔ آپ کا طرزِ کلام دوسروں کے لئے آدابِ گفتگو کا ایک کتب تھا۔ جناب ابو طالب اور جناب زبیر کی کفالت کے دور میں آپ کا طرزِ عمل مثالی تھا۔ یتیم بچے عام طور پر گھریلو احساسِ محرومی کا شکار ہو جاتے ہیں، لیکن حضرت محمد ﷺ کا دامنِ صفاتِ محرومی اور کمتری کے شائبہ سے بھی محفوظ رکھا، بلکہ آپ نے آنے والے ہر دور کو یتیم کی عزت کا سبق دیا اور قرآن حکیم نے صفاتِ یتیم کے ساتھ حسنِ سلوک کے سبق سے تذکرہ ہے ہیں۔ یہ اس نوعِ یتیم کا انسانیت پر احسان ہے۔ آپ کی یتیمی اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ آپ کو خاتم النبیین بنا کر بھیجنے والے نے ہر ابتدائی سہارے سے آپ کو محروم کیا اور بالآخر ما کر بھیجا۔

آپ اپنی پیدائش سے پہلے ہی نبوت کے درجے پر فائز ہو چکے تھے، اگرچہ اس بات کا علم آپ ﷺ کو بھی اس وقت تک نہیں تھا جب سن ۴۰ عمری میں جبریل امین آپ تک اللہ کا آخری پیغام لے کر نہیں آئے۔

اقرأ باسم ربک الذی خلق (۱)

رسالت کا مرتبہ انسان اپنی عبادت و ریاضت اور کسی اور محنت کی بنا پر حاصل نہیں کرتا۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کا انتخاب اور انعام ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے اس بارِ گراں کے اٹھانے کے لئے منتخب کر لیتا ہے اور اس کی پرورش، تربیت اور انتظام اپنے علم کے مطابق ہوتا ہے۔ قرآن حکیم اس حقیقت کو بار بار بیان فرماتا ہے۔ حصولِ نبوت سے پہلے ہی کوئی اس کا علم نہیں ہوتا کہ اس کا رب اسے کس امانتِ عظیم اور مرتبۂ بلند پر سے نوازنے جا رہا ہے۔ اگرچہ نبوت سے پہلے سے رویے صداقت سے نوازا جاتا ہے اور کائنات کے تمام اجزاء اس کے سامنے بے

۱۔ العلق

www.KitaboSunnat.com

کائنات کے حکم سے اپنے اسرار کھولتے ہیں۔ نبی، رسالت، رسولوں کی زندگی عام انسانوں کی طرح گزرتی ہے۔ وہی رشتے ناتے، وہی لوگوں سے معاملات، وہی تکلیف دہ حالتیں اور تفکرات۔ لیکن اس کے باوجود بھی اس حقیقت کی شہادت دیتے ہیں کہ اس کی زبان، نبوت سے پہلے بھی جھوٹ اور لغو باتوں سے پاک تھی، لوگوں سے ان کے تعلق کی دنیا غیر خواہی کے سوا کچھ نہ تھی، وہ دوستوں اور دشمنوں کو بھلائی کا حکم دیتا تھا۔ کفار اس وسیع طرز کو نہیں دیکھ پاتے، اور اسی لئے اعلانِ نبوت کے بعد بھی ہمیشہ نشانیوں اور معجزات کا مطالبہ کرتے ہیں اور اس حقیقت تک پہنچ نہیں پاتے کہ رسول کوئی نشانی اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر پیش نہیں کر سکتا۔ کیونکہ رسول اسی لئے آتا ہے کہ لوگوں کی زندگی کا مرجع رب کائنات کی طرف موڑ دے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً
وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ (۵)

اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور انکی بیبیاں
بچوں والا بنایا اور کسی رسول میں یہ طاقت نہیں تھی کہ وہ اللہ کے حکم اور
اذن کے بغیر کوئی نشانی اور آیت دکھائے۔

اللہ تعالیٰ جن منتخب اور برگزیدہ ہستیوں کو نبوت کے لئے منتخب فرماتا ہے ان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ اس کے ازلی و ابدی کمپیوٹر میں فیڈ (Feed) ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ نے فرعون و فرعونیت سے انسانیت کو نجات دلانی تھی، اللہ تعالیٰ نے فرعون کے محل میں ان کی پرورش اور تربیت کے معجزے فراہم کر دیئے تاکہ فرعون آداب و اسرارِ حکومت اور فرعونیت کے چبھنے والے شیشے کی تمام تفصیلی کیفیتوں کا علم ہو سکے۔ اپنے عہد اور ہر عہد کو بدل دینے والے رسول کو اس نے فکر، کردار اور بیانی سہارے سے محروم رکھا تاکہ دنیا اور آپ ﷺ کے بہترین ماننے والے یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ رسول کی حفاظت اس کے رب کے ذمے ہے اور وہ اس کے لئے کافی ہے۔

رسالت کا انتخاب صرف اللہ کرتا ہے، وہ جسے اپنے پیغام سے سرفراز فرمانا چاہتا ہے اسے اس منصب کو اٹھانے کا شرف عطا کرتا ہے۔ یہ حقیقت قرآن کریم میں پوری طرح کھول

۵۔ الرعد: ۳۸

کر بیان کی گئی ہے

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ
الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَ
لٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (۱)

اللہ مومنوں کو اس حال میں ہرگز نہیں رہنے دے گا، جو اس وقت تمہاری حالت ہے، وہ پاک لوگوں کو ناپاکوں سے الگ کر کے رہے گا، لیکن اللہ تعالیٰ کا طریق کار نہیں کہ وہ تم کو غیب پر مطلع کرے۔ وہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہتا ہے غیب کی باتیں بتانے کے لئے منتخب کر لیتا ہے۔

ہم نے اس آیت مقدسہ کو اس کے پس منظر اور معانی کی وسعت کی وجہ سے چنا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی سنت اور طریق کار کو واضح کرتی ہے۔ مومنوں کو اللہ اس حال میں نہیں رہنے دے گا کہ منافق ان میں گھلے ملے رہیں اور فتنے جگاتے رہیں۔ منافقوں کے دلوں کا چھپا ہوا نفاق غیب کی بات ہے، جس سے صرف اللہ تعالیٰ حتمی طور پر واقف ہوتا ہے، لیکن وہ اپنے رسولوں میں سے جس کو منتخب کرتا ہے ان پر منافقوں کے نفاق اور بعض دوسرے امور غیب کو آشکار فرما دیتا ہے۔

حضور نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے کئی واقعات اس کی شہادت دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ امورِ غیب سے آپ کو جب مناسب سمجھتا مطلع فرما دیتا۔ مثلاً یثرب کی طرف ہجرت کرتے وقت راستے میں سراقہ بن مالک کا تعاقب کرنا، اس کے گھوڑے کا دو بار گر جانا، اسے یقین ہو گیا کہ وہ سرورِ کائنات ﷺ کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ تو اس نے رسول اللہ کو سامانِ سفر، کھانے کی چیزوں کی پیش کش کی، مگر آپ نے قبول نہیں کی اور صرف یہ وعدہ لیا کہ ہماری راز داری کرنا۔ اس نے بھی نہ کیا۔ اس وقت زبانِ رسالت نے یہ پیشین گوئی فرمائی کہ میں تمہارے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن دیکھ رہا ہوں۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عہد میں ایران کی فتح کے بعد جب کسریٰ کے کنگن مالِ غنیمت میں آئے تو حضرت فاروق اعظمؓ نے وہ کنگن سراقہ کو دے دیئے۔

۱۔ آل عمران: ۱۷۹

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

غزوۂ حنین کے موقع پر لشکر کھڑے ہوئے اپنے مختلف پڑاؤ میں آگئی کہ صحابہ کرام کی کمر لیس اس پر پڑ کر ثابت ہو جائیں۔ صحابہ کرام نے سرور کائنات ﷺ کو اطلاع دی، آپ تشریف لائے آپ نے اس پر اپنے سب کا نام لے کر اس چادر پر ضرب لگائی۔ چادر کے پتھریلی چٹانوں، یا ان خطاؤں میں تقسیم ہو اس کا ایک حصہ الگ ہو گیا آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے ملک شام کی کنجیاں، عطا فرمادیں اور میں شام کے سرخ عمارات کو دیکھ رہا ہوں۔ پھر آپ ﷺ نے اللہ اکبر کہہ کر اس چادر کو دوسری ضرب لگائی، پتھریلی چٹانیں منتشر ہو گئیں اور یمن، سالقہ سے یہ باعث ادائی کرنے اکیڈمک فارس لیبر سے سپرد کر دیا گیا۔ اس وقت (ان پڑھ) یہود میں جا کر اس کا اظہار کیا، دیکھ رہا ہوں۔ اور جب رسول اللہ ﷺ نے تیسری ضرب لگائی تو چادر پاش پاش ہو گئی۔ اس سے ٹکڑے والی چٹانیں یوں نے فضا کو روشن کر دیا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ اکبر! مجھے ان کی کنجیاں عطا کی گئی ہیں۔ میں اس وقت صنعاء کے پھاٹک کو (کھلا ہوا) دیکھ رہا ہوں۔

اس آیت سے یہ بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ رسول اللہ کا انعام اور انسانوں کے لئے بہترین انعام ہے۔ اور اسی کے ساتھ ساتھ اس نکتے کو بھی واضح فرما دیا گیا کہ انبیاء کے معجزات اور مرتبے تنہا بھی نہیں ہوتا ہے:

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۘ (۱)

یہ ہمارے رسول ہیں جن میں ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔

نبوت کی ماہیت سے بے خبر کفار نے جب بھی اپنے رسولوں کا تمسخر اڑایا، مادیت میں ڈوبے ہوئے یہ لوگ دولت دنیا ہی کو برتری کی بنیاد سمجھتے تھے اور اسی لئے رسالت کو بھی اسی نظر سے دیکھتے تھے۔ اسی کی واضح تردید اور انکار کرتے ہوئے قرآن حکیم نے اس طرح پیش فرمایا ہے:

وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَن نُّؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ (۲)

۱۔ البقرہ ۲۵۳

۲۔ الانعام ۱۲۴

اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے، جب تک ہم کو بھی کوئی ایسی چیز (رسالت، پیغام الٰہی) نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی جاتی ہے۔

رسالت کے مرتبے کو اگر رسولوں کو مخاطب بھی کر کے کیا گیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کئی مقامات پر ارشاد فرمایا:

قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي ۖ فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ (۱)

(اللہ) نے فرمایا اے موسیٰ! میں نے دوسرے انسانوں پر تمہیں اپنی رسالت عطا فرما کر اور تم کو اپنے کلام سے سرفراز فرما کر امتیاز (اور برتری) دیا ہے۔ پس میں نے تم کو جو کچھ (اپنی آیات اور اپنی وحی سے) عطا کیا ہے اس کو لے لو اور شکر گزاروں میں شامل ہو جاؤ۔

کلام الٰہی کا اعجاز یہ ہے کہ یہ لفظوں میں رسالت کے مرتبے، وحی کو اپنے دامن اور کردار کا حصہ بنا... فرما اور... وہ سرداں تک پہنچانے کا فریضہ، اور اس امتیاز پر اپنی شکر گزاری کے اظہار کے مضامین کو بیان کر دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبوت اس لئے عطا فرمائی کہ وہ بنی اسرائیل کو ہدایت فرمائیں اور اپنی ام کتابی سے انہیں انجیل جیسی نعمت عطا کیا ہے، اور ان انعامات پر شکر بجا لانے کا حکم بھی دیا ہے، رسول اور اس کے قبیلے کی ہدایت کا وسیلہ ہے۔

رسل عظام علیہم السلام پر وحی کئی طریقوں سے نازل فرمائی گئی، کبھی کلام کے ذریعے کبھی رسول کے قلب مطہر پر وحی نازل فرمائی گئی، کبھی فرشتوں کی آواز میں کی آواز گونجی، اور اکثر حضرت جبریل امین کے کر تشریف لاتے۔ یہ بھی فرشتوں میں جبریل امین کا امتیاز ہے اور اس امتیاز کے لئے فرشتوں میں سے اللہ جل جلالہ نے حضرت جبریل کو انتخاب فرمایا:

اللَّهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ

۱۔ الاعراف ۱۴۴

م دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن م

www.KitaboSunnat.com

سورۃ (۲۰)

اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسانوں میں سے اپنی رسالت اور پیغام پہنچانے
والوں کو چن لیتا ہے۔ بے شک اللہ سننے اور دیکھنے والا ہے۔

قرآن حکیم کی ان آیات سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ ہر کتاب و صحیفہ ہی کو ہدایت عطا کی جاتی ہے تو اس منصب عالی کے لئے خاص کئے جاتے ہیں۔ اللہ جل جلالہ اسی غرض سے ان کی تخلیق کرتا ہے۔ کسی چیز کو بنانا تخلیق ہے اس سلسلۂ تخلیق کی اہمیت کو کس حد تک سمجھ لینا ہمارے لئے ضروری ہے۔ عمل تخلیق میں اندازہ و اور تعریف کا ہونا اور امکانات کا جائزہ لینا بھی شامل ہے۔ یہی امکانات اور ان کا پیدا ہونا کسی چیز کی خلق کہلاتا ہے۔

اسی مادہ (خ ل ق) سے مشتق ایک لفظ اور بھی مستعمل ہے۔ خلیق کسی با اخلاق اور خوش خلق آدمی کو کہتے ہیں کہ جو کہ زندگی کی خوش گوار ی کا باعث ہوتا ہے۔ ہم خلیق کہتے ہیں۔ خلق (اخلاق تخلیق) اور خلق (اخلاق، خلیق) اب الفاظ ایک ہی مادہ (خ ل ق) سے ہیں۔ یوں خلق کو مفہوم و اصطلاحی ماہیت، دو مختلف باعادت بھی ہیں۔ اخلاق اور تخلیق سے بالاتر ہوں۔ اللہ نے ہی اکرم ﷺ کے لئے فرمایا گیا:

وانک لعلی خلق عظیم (۱)

انسان اور دوسری مخلوقات کی ناراضگی اور مخالفتوں سے بچنے کے لئے عربی زبان میں کئی الفاظ ہیں۔ ان میں سے دو لفظ قرآن حکیم میں بھی استعمال کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے:

قال خلدوا لا تخف نجوت من القوم الظلمین (۱۲)

(اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ سے) فرمایا تم ڈرو اور خوف نہ کرو۔ تم
اس قوم کی ظالم صورت میں دوبارہ واپس آؤ گے۔

۱۔ القلم ۴
۱۲۔ القصص ۲۵

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ میں عصا دیکھ کر رب العزت نے دریافت کیا کہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے۔ حضرت موسیٰ نے جواب دیا کہ یہ میری لاٹھی ہے جس سے میں ٹیک لگاتا ہوں اور اپنی کمریوں کے لئے درختوں سے پتے جھاڑتا ہوں اور اس سے مجھے دوسرے کام بھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اسے زمین پر ڈال دو۔ موسیٰ نے ڈالا تو کیا دیکھتے ہیں کہ وہ سانپ بن کر دوڑنے لگی۔ اس پر رب موسیٰ نے ارشاد فرمایا کہ ڈرو نہیں۔ ہم اسے پہلی صورت میں لوٹا دیں گے۔

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اخلاق انسان کی طبیعی خصوصیت یا خصوصیات کا نام ہے اور یہ عادات و اطوار، طور طریقے اور چال و حال کو کہتے ہیں۔ خلقی کی اصلی سیرت اس کا خلق کہلاتا ہے۔ پھر سیرت کی تشکیل موروثی اثرات، ماحول اور تعلیم کے تحت عمل میں آتی ہے۔ ان خصوصیات کا تناسب مختلف افراد میں مختلف ہو سکتا ہے۔ کسی انسان کی سیرت کی تشکیل میں کون سا عنصر غالب ہوا اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

کتاب اور الکتاب بھی قرآنی اصطلاحات میں جداگانہ مستعمل ہے۔ یہ انگریزی اصطلاح Science کے مترادف ہے۔ کتاب سے مراد انسان یا دوسری مخلوقات کی وہ خصوصیات، ضروریات، عادتیں اور خصائص ہیں جن پر انہیں کوئی اختیار نہ ہو جیسے لفظ جنسی، بھوک، پیاس وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ قرآن حکیم میں کتاب کا لفظ مخلوق کے لئے استعمال ہوا ہے۔

وانظر الذی خلقک فی الخلق الاولیٰ (۱۳)

(اللہ (اور خالق حقیقی) کا تخلیقی اختیار کرو جس نے تمہیں اور ہر
مخلوق کو پیدا کیا۔

قرآن حکیم کے ارشادات اور قدرتی تعلیم سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے بھی تمام مخلوقات سے الگ اور مختلف ہے۔ جانوروں کو دیکھئے ان کے بھی ہاں [illegible] سے سوائے [illegible] جس میں وہ اپنی جنسی خواہش

۱۳۔ الحجر ۲۸

www.KitaboSunnat.com

کی تحلیل کرتے ہیں اور مشاورت (Meeting Second) کہا جاتا ہے۔ اس زمانے میں اہل عمل کی کمیابی کے باعث دانش گاہی کے کتوں سے کتوں کو رکھنے کے لئے کیا کیا جتن کرتے ہیں کہ تھکن دہ پی بہت کے تحت ہاتھ بندر کو توڑنے پڑتے ہیں۔ انتظار کے اسی زمانے میں آپ لوگوں کی آوازیں بلند ہوتی ہیں۔ جس کو سن کر بیماریاں بھاگ جاتی ہیں۔

انسان اللہ کی مخلوق ہے لیکن شعور، اخلاقی حس، وجدان اور روحانی وابستگی کا جوہر اپنے اندر رکھنے کی وجہ سے اشرف المخلوقات بن گیا ہے۔ آج دنیا سے ہزاروں کی وجہ سے بیشتر انسان اور مسلمان بھی اس امتیاز سے محروم ہیں اور وہ حیوانوں کی طرح اپنی نفسی خواہشوں کی تکمیل کے لئے گھناؤنے جرائم کے مرتکب ہو جاتے ہیں۔ روزانہ ہمیں اخبارات میں جو خبریں نظر آتی ہیں ان کو دیکھ کر ہر انسانیت پر یقین رکھنے والا دل ہو جاتا ہے۔ اور وہ واقعات ہمارے سامنے آتے ہیں جن کو سن کر ہر انسان کانپ اٹھتا ہے۔ ابھی حال ہی میں ایک آدمی نے سوتیلے بچوں کو قتل کر دیا۔ عورتوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات اس کثرت سے ہو رہے ہیں کہ دل لرز اٹھتا ہے۔ کئی بچیاں تو دو سال کی عمر سے بھی کم ہوتی ہیں۔ اسی طرح نیم مسلم ملکوں میں رہنے والے مسلمانوں کی اکثریت حلال حرام کا لحاظ نہیں رکھتی اور جو لوگ اپنے آپ کو دین سے کسی حد تک وابستہ رکھنا چاہتے ہیں وہ بھی غیر ذبیحہ گوشت کے لئے کیسے کیسے ترکیبیں اور حیلے تلاش کرتے ہیں اور پھر اللہ سے بچتے ہیں۔

قرآن حکیم کا مطالعہ ہمارے سامنے یہ حقیقت لاتا ہے کہ مسلمان کس طرح اپنے امتیاز اور شعور اور تربیت کے ذریعے حیوانی جبلت پر غالب آ جاتا ہے۔ اب جوان پر بھی ہوتا ہے جو حرام چیز حلال ہو جاتی ہے مگر اسی حد تک کہ جسم و جان کا رشتہ قائم رہے۔ یہ بات شعور اور ایمان کی ہے۔

ایک اور لفظ جو کہ نہایت زیادہ استعمال ہونے والے ان الفاظ میں شامل ہے وہ کردار ہے جو سیرت، شخصیت اور عادات و اطوار اور سیرت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ مگر اس سلسلے میں مختلف تصورات اور الجھاؤ (Meaning Shades) کا سامنا کرتے ہوئے دوسرے الفاظ میں یہ ایک ذہنی رجحان (Image) لفظ کا اصطلاح ہے۔ اس کے پس منظر کو

اخلاق و نفسی کی تلاش سے سمجھتے۔

اس کردار کے لئے جس نے پوری شخصیت کا کردار اختیار کیا ہے۔

جس اس لڑکی کا کردار اچھا نہیں ہے (جس کا خصوصی استعمال کسی فرد کے بعض طرز عادت کے اظہار کے لئے کیا جاتا ہے۔ کوئی اور لفظ یہ بات کہنے کا پابند نہیں ہے۔

سماجی علوم کے ماہرین نے اخلاق کی اصطلاح کو ترجیح دی ہے۔ اخلاق کے مطلب میں تو کردار کا مفہوم بھی شامل ہے۔ اخلاق کی تاریخ بہت پرانی ہے۔

اخلاق کی تعلیم دینے کے لئے مذہب کی بنیاد پر اخلاقیات کی تعلیم دی جاتی تھی۔

قرآن کریم نے سیرت، کردار، شخصیت اور عادت کے لئے کسی لفظ کی بجائے کہ رسول اللہ ﷺ کے مجموعی خصائل و اوصاف کے لئے مطلق "اخلاق" کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ اخلاق ہو تو ایسا ہو اور جو ایسا ہو وہ اخلاق ہے۔ ارشاد ہوتا ہے اور بڑا ہی جامع ارشاد ہے:

لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة لمن كان يرجو
الله واليوم الاخر وذكر الله كثيرا (۲۱/۳۳)

(یقیناً تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ میں عمدہ نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ کی (پرستش) اور یوم آخرت کی توقع رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں وہ تمام [illegible] اخلاقی، روحانی، [illegible] انسانی اور روحانی اعلیٰ اوصاف [illegible] ہیں جن کی تعریف کرتے ہوئے ہم تھکتے نہیں۔ پھر اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی کہ وہ کون لوگ ہیں جن کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں عمدہ نمونہ ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخر پر یقین رکھتے ہیں اور جو یہ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع ہی دنیا کے لئے نہیں بلکہ آخرت کے اجر و ثواب اور ابدی زندگی کا انحصار بھی اسی پر ہے اور اتباع رسول کریم ﷺ کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ ہر انسان کی کسی سے [illegible] نہیں ہوتا۔

علم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com



م دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

محمد ﷺ قرآن عظیم کے آئینے میں ۔۔۔

www.KitaboSunnat.com

کیا پھر نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو بنجر زمین کی طرف بہا کر لے جاتے ہیں
اور پھر اس سے کھیتیاں اگاتے ہیں جس (کی پیداوار) سے ان کے
چوپائے اور وہ خود کھاتے ہیں۔

اور بارش پانی کے متعلق یہ بھی فرمایا کہ یہ موسمی بھی تمہارے لئے ایک اہم غذائی ضرورت کو خود اپنی خالص کی صورت میں پیدا کرتے ہیں۔ یہ تمہیں دودھ دیتے ہیں جس کے غذائی خواص کی اہمیت آج کے انسان پر سائنسی علم نے پوری طرح منکشف کر دی ہے۔ شہد جیسی شیریں غذا بھی تمہارے لئے جانی آمدنی کا ذریعہ بنتی ہیں۔ پھر تمہارے کھانے پینے کی اشیاء کو محفوظ رکھنے کا ایک اہم ذریعہ بھی ہیں۔ اس کا ایک واضح مفہوم یہ بھی ہے کہ انسانی اور حیوانی زندگی کا انحصار پانی پر ہے۔ اس کا ایک اور اشارہ بھی ہے کہ پانی کے بغیر زندگی کا وجود ناممکن ہے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے حیاتیاتی فوائد ہیں جو قرآن حکیم نے مختصر الفاظ میں بیان کر دیئے ہیں۔ ان کی تفصیل کے لئے ایک علیحدہ مضمون کی ضرورت ہے۔

وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (۲۴)

اور اس کے نشانوں میں سے بھی (شمار) ہے کہ وہ تمہارے لئے بجلی طرح
طرح کی امیدیں اور خوف پیدا کرتا ہے اور آسمان سے پانی برساتا ہے اور
اس کے ذریعہ سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے
عقل رکھنے والوں کے لئے اس میں بھی نشانیاں ہیں۔

قرآن حکیم نے پیش خبری کی ہے کہ بادلوں میں تمہارے لئے امید اور خوف کے سامان ہیں۔ امید کے لئے بارش کی خوشخبری ہے اور خوف کے لئے بجلی کی تباہ کاری۔ تم ان سے بچاؤ کی تدابیر بھی حاصل کرتے ہو۔ تم ان پر تحقیق بھی کرتے ہو اور ان مظاہر سے بہت کچھ فوائد بھی اٹھاتے ہیں۔ لیکن تم نے ان مظاہر کے پیچھے کارفرما قوت کو نہیں پہچانا۔

بادلوں کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ بھی آیات میں شامل ہیں۔

اور ہم نے بادلوں کو سایہ کرنے والا بنایا ہے

فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ (۷۲)
وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ (۷۳)

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے اپنے ہاتھوں بنائی ہوئی چیزوں میں ان کے
لئے چوپائے بھی خلق کئے ہیں جن کے یہ مالک ہو گئے ہیں اور ان
سے ہم نے ان کے لئے فرمانبردار بنایا ہے۔ ان میں بعض تو ان کی
سواری کے کام آتے ہیں اور بعض کا یہ گوشت کھاتے ہیں اور ان میں ان
کے لئے (اور بھی) بہت سے فائدے ہیں۔ کیا پھر بھی شکر ادا نہیں کریں گے۔

انعامی جانوروں کے متعلق کہا گیا ہے کہ ان کی سواری اور ان کے منافع کے بارے میں بھی بیان فرمایا گیا ہے۔ اور وہ ہے شکر گزاری۔ شکر کا ادا کرنا ایک بڑی اور اہم اخلاقی صفت ہے۔ مومن ہمیشہ ہر نعمت پر اپنے رب کا شکر ادا کرتا ہے اور یہ انبیائے کرام کی امتیازی صفت ہے۔ پھر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر اور کون انسان ہو سکتا ہے۔ نبی کریم ﷺ اس بات کا پتہ فرماتے تھے کہ اگر ایک دن کھانا نوش فرمائیں تو دوسرے دن اختیاری روزہ رکھیں۔ اور اس نکتے کو اختیار کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ میں اللہ تعالیٰ کا شاکر اور صابر بندہ بننا چاہتا ہوں۔ یہ ہیں عظیم اخلاقی حالات جن اور ایک دوسرے کا ضمیمہ ہیں۔ ان کی اساس اخلاق محمد ﷺ سے بڑھ کر کہاں نظر آئے گی؟

یوں تو پانی اور مویشیوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ پانی کے بغیر زندگی کا وجود ناممکن ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے مویشیوں کی خاطر پانی کا انتظام کیا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اسلام کی اس تعلیم کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ انسان کو اپنے مویشیوں کی صحت کے لئے بھی پانی کا انتظام کرنا چاہیئے۔ اسلام نے اس کے لئے بھی ہدایات دی ہیں۔

علم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

رسالت سے پہلے "صلح" کی دائمی قدر

نبی اکرم ﷺ کے بچپن اور لڑکپن کی زندگی ہی میں آپ کے وہ اخلاق اور خصائص ابھر کر سامنے آ گئے تھے جن سے آپ کو اپنے معاشرے میں جداگانہ اور مختلف حیثیت کا حامل سمجھا جانے لگا۔ عرب اگرچہ ایک ایسے وجود کو مانتے تھے جو خالق اکبر تھا لیکن اس کے ساتھ شرک اور اقتدار میں انہوں نے سانجھے دار اور شریک بنا لئے تھے۔ ان کے بت ہی ان کے معبود بن چکے تھے۔ انہی سے اپنی حاجات روائی کی دعائیں مانگی جاتیں، انہی کی منتیں مانی جاتی ہیں، ان ہی کے نام پر قربانیاں کی جاتیں، ان ہی کے آستانوں پر نذرانے لے جاتے۔ نوعِ محمد (ﷺ) نے اپنی زندگی کے کئی حصے میں بچپن اور لڑکپن کے بھی قریب رہتے ہیں کسی بت کے سامنے سر نہیں جھکایا اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ آپ کو بتوں کی قسم تک کھانا گوارا نہ تھا۔ آپ نے بچپن اور لڑکپن میں بھی ایسے عمل نہیں کیے جن پر "لغو" کی اصطلاح کا اطلاق ہو سکے۔ آپ کے لڑکپن میں صرف دو واقعات ایسے آتے ہیں جن میں دوسرے نوجوانوں کے ساتھ آپ ﷺ نے تفریحی نوعیت کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا ارادہ کیا۔ ایک واقعہ جس کو قصیدے والوں اور سب گھر والوں کی دعوت کی تفریح کی وجہ کہا جا سکتا ہے، لیکن دونوں مرتبہ آپ عین کے قبیلے کی طرف سے ان تفریحوں میں شریک نہیں ہو سکے، یہ واقعہ اپنے زمانوں کی زندگی کے ہر رشتے کو سنوارتا اور چمکاتا ہے۔ اور انبیاء کو ان معمولی باتوں سے بھی بچاتا ہے، جو اگرچہ ان کے معاشرے میں معروف کاموں میں شمار ہوتی ہیں لیکن ان کے مرتبہ عالی کے مطابق نہیں ہوتیں۔ انبیاء اور رسل کی پوری زندگیاں ایک کھلی کتاب کی طرح ان کے رب کے سامنے ہوتی ہیں۔ یہ بات عام انسانوں کی سمجھ میں ان کے اعلان

رسالت کے بعد کی زندگی کے مطالعے سے آتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ انسانیت کے لئے صلح کے سب سے بڑے نقیب اور چیمپئن تھے۔ صلح کو اس کے وسیع تر معنوں میں دیکھئے، جس میں عام انسانوں کی اصلاح بھی شامل ہے۔ اس میں عام انسانوں کی کمیوں اور خامیوں کو دور کرنے کا عمل بھی داخل ہے، اور یہ اصلاح فرد اور معاشرے میں توازن قائم کرنے سے ہی پیدا ہو سکتی ہے۔ جنگ کے مقابل صلح کا لفظ اسی مفہوم کو اجاگر کرتا ہے۔ زندگی، جنگ کے عالم میں اپنے توازن سے محروم ہو جاتی ہے۔ گھر اجڑ جاتے ہیں، بستیاں ویران ہو جاتی ہیں، زندگی اپنی قدر و قیمت کھو بیٹھتی ہے اور عزت و وقار کے گھر والوں کے دھندے جاتے ہیں۔ انبیائے کرام کو اسی توازن کے برقرار رکھنے کے لئے جنگ بھی کرنا پڑتی ہے اور اس وقت تک کہ قرآن حکیم کے بیان کے مطابق جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے۔ نبی کریم ﷺ کی زندگی اور قرآن حکیم کی تعلیمات کے گہرے مطالعے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اعمالِ صالحہ سے مراد ایسے عمل ہیں جن سے دنیا کا توازن برقرار رہے، معاشرے کی، خاندان کی اور افراد کی زندگی متوازن بن سکے اور انسان کو محض معاش حاصل ہو سکے۔

سورۃ النساء میں صلح کا لفظ اگر چہ میاں بیوی کے تعلقات کو خوش گوار بنانے کے سلسلے میں ادا ہوا ہے مگر اس سے بھی ایک دائمی قدر حاصل ہوتی ہے۔ ارشاد ہے:

وَالصُّلْحُ خَيْرٌ (۱)

صلح بہت اچھی چیز ہے۔

اس دائمی قدر سے انسان کی زندگی کا توازن برقرار رہتا ہے۔ یہ آیت چار لفظوں پر مشتمل ہے اور ہر لفظ اپنے دامن میں ایک اصول اور حکم رکھتا ہے۔ دوسرے اور تیسرے لفظوں میں انسانوں کو ایک دائمی قدر یعنی صلح عطا کی گئی ہے اور انسانی فطرت کی اس کمزوری کو دور کر دیا گیا ہے جو صلح کے دامن کو بار بار چاک کرتی ہے:

وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ

(۱) النساء، ۱۲۸

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ (۳/۹۲)

اگر تم اپنے اس مال کی بہتری اور اچھائی حاصل نہ کرو جو تمہیں محبوب ہے اور اس میں کوئی تحفظ نہ کرو جو تمہیں بہت عزیز ہے اور اپنی (خواہش) کو قربان (کرنے) میں تامل ہے اور اگر تم اپنے اس مال کو خدا کے لئے اور اللہ کی خوشنودی کے لئے خرچ کرو گے اور اللہ کی راہ میں اپنی جان کو خطرے میں ڈالو گے تو تم اس کی بہتری اور اچھائی حاصل کرو گے۔

اس آیت کو ایک طویل اور واضح جملے یا آیت کی شکل میں بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اس وقت (جملے) کی شکل یہ ہے کہ میں نے اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کیا تاکہ میں اس کی بہتری اور اچھائی حاصل کر سکوں۔ اگر ایک طریق (راہ) میں اپنی جان کو خطرے میں ڈالنا پڑے تو میں اس سے بھی دریغ نہیں کروں گا۔

اس کے بعد دوسری شق (شکل) میں یہ فرمایا گیا کہ [illegible] ہے۔ یہ وہ اہم اصول ہے جو قرآن کریم نے انسانیت کو عطا کیا ہے۔

تیسری شق (شکل) میں اس حسد کی نشاندہی کی گئی ہے جو انسان اپنے [illegible] سے رکھتا ہے اور [illegible] اور [illegible] اور [illegible]

www.KitaboSunnat.com

صلح کا طبع ۔ بے غرضی اور خیر خواہی

صلح بے غرضی کے جذبے سے پیدا ہوتی ہے۔ اور بے لوث خیر خواہی کے جذبے سے فروغ پاتی ہے۔ نبی رسول اور خاص طور پر ہادیٔ اعظم قربان جائیں ﷺ کا منصب مبارک خیر خواہی کا سرچشمہ تھا۔ نبوت سے ہی بے غرضی کا سوتا پھوٹتا ہے اور بے غرضی بھی اس درجے کی کہ آپ ﷺ کی راتیں گمراہوں کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ میں گزر جاتیں اور آپ کے مقدس آنسو ہدایت کے بارے میں کوتاہ اندیشوں کی ذہنی کوتاہی پر بہہ جاتے۔ حیات قبل نبوت میں آپ ﷺ کی بے غرضی اور خیر خواہی آپ کے ہم عمل میں لگے ہوؤں کو نظر آتی۔ آپ کی نرم گوئی اور ذہنی فہم و فراست کی وجہ سے لوگ آپ کو امین کہتے تھے۔ نبوت سے پہلے ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس سے آپ ﷺ کی نبوت کا ثبوت بھی فراہم کیا جا سکتا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی حیات مبارکہ کا پینتیسواں سال تھا کہ مکہ کعبہ کی مرمت ہونا تھی۔ اس کے لئے فیصلہ کیا گیا۔ پرانی عمارت بوسیدہ ہو چکی تھی اور اس کے منہدم ہونے کا اندیشہ تھا۔ بعض قبائل میں ترمیم کعبہ کے بارے میں اتفاق رائے نہیں پایا جاتا تھا۔ سبھی قبائل نے طے کیا کہ کعبے کی تعمیر نو میں حلال اور محنت کی کمائی صرف کی جائے گی۔ اس سے حاصل ہونے والی دولت، مال کاروبار اور حرام ذرائع سے حاصل کی ہوئی دولت استعمال نہ کی جائے گی۔

نبی اور امین کی تعمیر شروع کی گئی۔ یہ قوم بالی ایک روایتی ماہر تعمیر سے تعمیر کی نگرانی کا کام سونپا گیا۔ تمام قبائل نے تعمیر کعبہ کی سطح اور جگہ مقرر کر دی گئی اور دیوار کعبہ بلند ہونے

لگی۔ یہاں تک کہ حجر اسود کی تنصیب کا وقت آ گیا۔ ہر قبیلے نے یہ شرف حاصل کرنا چاہا۔ اس مسئلے پر تلواریں نیام سے باہر آ گئیں۔ چار دن تک یہ جھگڑا چلتا رہا۔ بالآخر یہ طے پایا کہ کل صبح جو شخص سب سے پہلے حرم میں داخل ہو گا اس کو اس شرف سے نوازا جائے گا۔ اس کے فیصلے کو تمام قبائل تسلیم کر لیں۔ یہ فیصلہ سب نے قبول کر لیا۔

یہ فیصلہ کرنے والے حرم میں رات بھر رہے۔ اور جب صبح کی روشنی پھوٹنے والی تھی تو مسجد حرام کے دروازے سے سب سے پہلے داخل ہونے والے شخص کو سب نے پکارتے ہوئے کہا:

هذا الامين رضينا (ابن ہشام، السیرۃ النبویۃ، ۱/۲۰۰)

یہ امین ہے ہم اس پر راضی ہو گئے ہیں۔

یہ تھے محمد مصطفیٰ ﷺ کے بچپن کے نقش و نگار، اور طالب کے بچپن کے نقش، جو پیدا ہونے سے پہلے ہی ان کی زندگی میں فرق عظیم و شعور کی "امین" اور "صادق" کہنے پر مجبور تھا۔

صلح قائم کرنے کے لئے خیر خواہی اور بے غرضی کے علاوہ غیر جانب داری بھی ضروری ہے۔ اسے کہ یوں ہی ثالثی مطمئن ہو سکتا ہے۔ محمد ﷺ کی خدمت میں معاملہ پیش کیا گیا اور آپ نے اللہ کے معاملہ کردہ طریقہ کی روشنی میں ایک چادر بچھوائی۔ اس کے درمیان حجر اسود رکھا گیا۔ چادر کے کونے کونے تمام قبائل کے نمائندوں نے پکڑ کر اٹھایا، اور جب حجر اسود اپنی جگہ تک پہنچ گیا۔ پیغمبر امن ﷺ نے بنفس نفیس اس کو اٹھا کر اس کی جگہ پر رکھ دیا۔ یوں ایک بڑا فساد ٹل گیا اور آج تک قریش ایک ایسی جنگ سے بچ گئے کہ اگر وہ چھڑ جاتی تو کئی نسلوں تک جاری رہتی۔

---

۱ محمد علی صابونی، روائع البیان فی تفسیر آیات الاحکام، بیروت: دار القرآن، ج ۱، ص ۱۲۵

۲ ابو الحسن علی بن ابی الکرم عبد الواحد الشیبانی المعروف بابن اثیر، الکامل فی التاریخ، بیروت: دار صادر، ۱۹۶۵ء، ج ۱، ص ۴۰۱

م دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن م

www.KitaboSunnat.com

تجارت — امانت کا ایک وسیلہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بچپن اور لڑکپن میں بکریاں چرانے کے بعد تجارت کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر اپنے چچا جناب ابوطالب کے ساتھ کیا۔ آپ شام تشریف لے گئے تھے۔ قرآن مجید میں سیروا فی الارض (۱) کی تلقین بار بار کی گئی ہے۔ اس حکم کی بار بار تعمیل کرتے ہوئے محمد (ﷺ) نے کئی مقامات اور شہروں کو دیکھا، لوگوں کی عادات و اطوار کا مشاہدہ کیا، گزشتہ مقفلے قوموں کے مساکن اور دیار سے گزرے۔ آپ تو ساری انسانیت کے لئے رسول ہونا تھا تو دوسرے علاقوں سے بھی آپ کا تعارف کرایا گیا۔ ان میں رومی سلطنت کے مقبوضہ علاقے بھی تھے۔ جب ہم آپ کے "تاجرانہ اخلاق" کے بارے میں گفتگو کریں گے تو تجارت و دیانت کی اہمیت اور تجارت سے اس کے رشتے کو زیر بحث لائیں گے۔ یہی سفر میں بحیرا راہب سے آپ ﷺ کی اتفاقیہ ملاقات کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ روایت بہت مشکوک ہے، اور یہی پہلی ملاقات پر مستشرقین نے اپنے اس نظریے کی عمارت کھڑی کی ہے کہ یہی ملاقات میں آپ ﷺ کو بہت سی تعلیمات کا علم ہوا۔ اور انہیں روایات کو آپ نے وحی اور قرآن میں داخل کیا۔ اول تو آپ کی عمر بارہ سال کی تھی اور پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ چند گھنٹوں کی ملاقات میں آپ تورات و انجیل کے عالم ہو گئے، اور ایک طویل جدوجہد کرنے کے بعد بھی ان یہودی اور عیسائی روایات میں اقتباس و انتخاب کے عمل سے اسلام نے کوئی علیحدہ مکمل کر دیا، کہا جاتا ہے کہ بحیرا نے مطالبہ دیا کہ محمد (ﷺ) کو واپس

(۱) سورۃ انعام ۱۱ سورۃ نحل ۳۶ سورۃ روم ۹ سورۃ فاطر ۴۴ سورۃ غافر ۲۱ سورۃ محمد ۱۰

سے واپس بھیج دیا جائے، اور نہ شام میں یہودیوں کے ہاتھوں جان کا خطرہ ہے، اور جناب ابو طالب نے چند معتمد آدمیوں کے ساتھ آپ کو واپس بھیج دیا۔ (۲)

اگر اس واقعے میں صداقت ہوتی تو پھر آپ کو چند سال بعد تجارتی سفر شام کی اجازت کیسے دیتے؟ قریش تو تجارت پیشہ تھے۔ اور جان محمد (ﷺ) نے قریش کے تجارتی قافلوں کے ساتھ تجارتی سفر شروع کر دیا۔ آپ لوگوں کا تجارتی سامان لے کر جاتے اور سامان فروخت کر کے سامان کے مالکوں سے معاوضہ حاصل کرتے۔ تجارت سے آپ کی دیانت، امانت اور حساب میں کھرے ہونے کی شہرت اور مستحکم ہوگئی۔ آپ کی ان اخلاقی صفات کو نشر و مستحکم کرنے میں تجارت نے بڑا حصہ لیا۔

آپ ﷺ کی دیانت اور معاملہ فہمی کی شہرت ان کرایہ پر مشہور اور مالدار تاجر خاتون خدیجہ بنت خویلد نے آپ ﷺ کو اپنا تجارتی نمائندہ مقرر کیا۔ خدیجہ پہلے دو خاتون تھیں، جنہوں نے آپ ﷺ کو اپنا تجارتی نمائندہ مقرر کیا۔ خدیجہ ایک معزز اور مالدار خاتون تھیں۔ کئی دفعہ ایسا ہوا کہ وہ تاجر جو عہد جاہلیت میں بھی اس کا مال لے کر تجارت کے لئے باہر جاتے تھے۔ لیکن سارا محمد (ﷺ) خدیجہ کا مال تجارت لے کر ان کے غلام میسرہ کے ساتھ شام کے تجارتی سفر پر روانہ ہو گئے۔ اس سفر میں (نفسیت) خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کو اپنا سودا بیچ کر جس میں دیانت اور حسن معاملہ کے ساتھ آپ کی ذات کی برکت کا فیض بھی شامل تھا۔ خدیجہ پر آپ کی ایمانداری، صداقت، احسان، امانت اور معاملہ فہمی کا ایسا اثر ہوا کہ انہوں نے اپنے آپ کو محمد (ﷺ) سے شادی پر آمادہ پایا۔ خدیجہ نے اپنی دلی کیفیت کے بارے آپ تک پیغام پہنچایا اور آپ ﷺ نے ساری بات سے اپنے چچاؤں کو مطلع کیا۔ خدیجہ کی شرافت، تجارت سے لگاؤ میں قریش کی عورتوں سے ممتاز مقام، کئی بار کے شوہر اور معزز خاندان قبیلہ آپ سے شادی کی آرزو رکھتے تھے۔ جناب ابوطالب نے پیغام منظور فرمایا اور خود خطبہ نکاح پڑھا۔ اس وقت آپ کی عمر پچیس سال تھی، اور خدیجہ کی عمر چالیس سال تھی۔ خدیجہ کی پہلی شادی سے دو لڑکے ہند اور ہالہ تھے۔ بعض قابل توجہ روایات کے مطابق اس وقت آپ ﷺ کی عمر اٹھائیس سال تھی۔ یہ شادی آج تک انسانی معاشرے میں ایک مثالی شادی اور

(۲) ابن ہشام، ابن سعد، ابن اثیر، ابن کثیر، طبری، طبقات الامم

www.KitaboSunnat.com

رکھتی ہے، اس میں دو رائے نہیں ہو سکتیں اور دونوں ایک طرح دھوکے میں ہیں۔ اور دونوں اخلاق کے باب میں ہم اس بنیادی حقیقت کو نظر انداز کر دیں گے اس لئے کہ ہمارا مطمح نظر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے پہلے ایمان لائیں، حضور ﷺ مسلم اول ہیں اور مسلم اولی خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ اور دونوں کی زندگی اخلاق کی بنیاد پر اسی اخلاق رفیع اور تعلق باللہ کی اخلاقی قدر ہے۔ ظہور نبی کریم ﷺ کے اخلاق کا پرتو بنا یا۔ اخلاق صحیح کا مصدر و محور۔ کہتا ہے۔ اخلاقی اور روحانی زندگی کو یعنی زندگی کا دھارا بنا تا ہے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کے راستے میں نبی کریم ﷺ کے دوش بدوش رہیں اور آپ کی تسکین اور تسلی کا سبب بنیں۔

رسول اللہ ﷺ جب پہلی وحی کے بعد گھر تشریف لائے تو آپ کی حالت بیان کرنے کے لئے قرآن حکیم کا یہ جملہ کافی ہے۔ اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو تسلی دی۔ جو تسلی کی آپ کے اخلاق کی بنیاد پر تھی۔ اسلام کی خاتون اول نے یہی فرمایا:

آپ ﷺ کو آپ کا پروردگار کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ آپ کی خصلت یہ ہے کہ
آپ کے ساتھ رہے گی کہ آپ ﷺ رشتوں کی پاسداری کرتے
ہیں اور صلہ رحمی آپ کا شعار ہے۔ آپ بے سہاروں کا سہارا بنتے ہیں اور
ان کا بار اپنے کاندھے اٹھاتے ہیں۔ آپ ﷺ غریبوں
کی دست گیری کرتے ہیں، مہمانوں کی تکریم اور حق واضح کرتے ہیں اور
مصیبت زدہ لوگوں کی اعانت کرتے ہیں۔ (۳)

یہ بات بھی اہم ہے کہ آپ کی رسالت کی تصدیق کرنے والی پہلی شخصیت نے آپ ﷺ کے اخلاق کی رہین آپ کے اخلاق کو قرار دیا۔ وہ اس کی مسافت کی تو وہی آپ کا معاشرہ و سماج تھا، وہ بھی یہی بات ضرب المثل تھی، وہ اپنے الفاظ کہ کیسے پہچان لیا، وہ کہتا تھا، تصدیق صدیق اکبر اخلاق محمد ﷺ کی بلند ی کی گواہی ہے اور وہ بھی ایک نبی کی زبان سے، جو آپ ﷺ سے سب سے زیادہ قریب تھی، جس پر آپ کھلا ظاہر باطن ہر طرح سے روشن تھا۔

۳۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، مصر، ۱۳۱۴ھ، ج ۱، ص ۳

اقرأ اور بحر قلم

نبی اکرم ﷺ پر جو پہلی وحی نازل ہوئی وہ تھی:

اقرأ باسم ربک الذی خلق (۱)

ایک طرف ہمیں اس کو پڑھنے کا حکم دیا جا رہا ہے، اور تخلیق آدم کے ہر دور میں اس پر شاہد بنے جا رہے ہیں۔ اس اول لفظ کے ذریعے سے علم کی حکمت اور اس کی اہمیت "قلم" کی جا رہی ہے۔ وہ علم جو ہمیں خالق کائنات سے کلمات بانٹنے پیدا کی گئی۔ اخلاق کی اور وہ علم جس پر انسان کی بنیاد پر استوار ہونی تھی۔ نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے پہلے اخلاق معاشرے کی رسوم، بالا دست طبقے کی عادات اور تعلقات اور معاشرے کے رائج عین مطابق اور ہم آہنگ تھا۔ یہ بات قریب تک صحیح تھی تاکہ جو معاشرے میں اخلاق کا تعین اس کے سربراہ، بادشاہ اور چند بااثر لوگ کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ انسانوں کا تاریخ کا یہ تجربہ رہا ہے کہ یہ بنیاد کبھی بھی آفاقی اخلاق کا اور انسانیت کی نہیں ہے۔ انہوں نے نہ تو انسانوں کو معاشرے میں عادلانہ اور باعزت مقام دلانے کی کوشش کی اور نہ ان اوصاف کو پروان چڑھانے کی کوشش کی جو انسان کو اشرف المخلوقات بناتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کو جو اخلاق اور اخلاقی اقدار عطا کی گئیں، اس کا سرچشمہ وحی الٰہی تھا۔

سورۃ القلم کی ابتدائی پانچ آیتوں کے نزول کے بعد نزول وحی کا سلسلہ کچھ عرصے کے لئے رک گیا۔ اس وقفے کو فترۃ وحی کہا جاتا ہے۔

معتبر روایات کے مطابق اس کے بعد سورۃ المدثر نازل ہونے والی پہلی سورۃ ہے۔

۱۔ العلق، ۹۶: ۱

قرآن حکیم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مکمل دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

صبر کے معنی ہی اپنے نفس کو روکنے اور قابو میں رکھنے کے ہیں، اس لئے صبر کے مفہوم میں یہ بھی داخل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے احکام کی پابندی پر جسے نفس کو قائم رکھنے اور یہ بھی داخل ہے کہ اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں سے نفس کو روکے، اور یہ بھی داخل ہے کہ مصائب اور تکلیف میں دینے والے کی حد تک جزع فزع اور شکایت سے بچے، اس لئے یہ حکم ایک جامع حکم ہے جو تقریباً پورے دین کو شامل ہے۔[۱۶]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی وحی اول تا آخر عالم انسانیت کے لئے بہت عظیم نعمت تھی اور اسے انسانوں تک پہنچانا بہت بڑا احسان تھا، یہ وحی سے توانائی بے نوعلمی کو مخاطب کرتا ہے اور اسی لئے آپ ﷺ کو رسول بنا کر بھیجنے والے نے یہ ہدایت واشگاف انداز میں فرمائی کہ احسان کر کے انسانوں سے صلہ لینے کے خواہش مند نہ ہوئیے گا، آپ کا اجر تو آپ کے رب کے پاس ہے، اور آپ کی سچائی سے اثر ہونے کا یقین ہی آپ کی کامیابی کی امید رکھے گا۔

بعثت کے پہلے تین سال آپ نے خاموشی کے ساتھ قریبی عزیزوں اور ملنے والوں میں تبلیغ فرمائی، قریبی دوست اور مزاج کو سمجھنے والے، ظاہر و باطن، اخلاقی کیفیت، دیانت، امانت اور معاملہ فہمی سے بہرہ ور ہوتے ہیں، یہ تھی آپ کی صداقت کی سچی دلیل اور سچائی کا معجزہ ہے کہ پہلی وحی کے نزول کے پہلے ہی دن آپ ﷺ سے سب سے قریب لوگ مسلمان ہوگئے، سب سے پہلے حضرت خدیجۃ الکبریٰ ایمان لائیں، آپ ﷺ کی زندگی کی شریک، ناپ کی ملکیت و صلاحیت کی رفیق، آپ کی نرم دل اور غمخوار ساتھی، اور بے پایاں وسعت قلب کی شاہد۔ حضرت علی الرتضیٰ جو آپ کے گھر میں آپ کے زیر نگرانی پرورش پا رہے تھے اور جو آپ سے عمر میں بہت چھوٹے تھے، وہ بھائی کی طرح آپ کے نقش قدم پر چلنے کو سعادت جانتے تھے، اور کوئی نئے نو عمر ہی تھے جو اسلام میں داخل ہوئے، اگرچہ بہت کم عمر تھے اور ابھی لڑکپن سے نوجوانی کی حدود میں داخل ہو رہے تھے، ان کی سال ہا سال کی رفاقت، استقلال، اصابت رائے اور دانش مندی کے مالک تھے، ان ہی اولین حاملین اسلام میں

---

۱۶ مفتی محمد شفیع / معارف القرآن، کراچی، ادارۃ المعارف، ج ۸، ص ۶۱۲

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے، جن کی زندگی کی ہر سانس آپ کی محبت کی امانت تھی، اور آپ نے ایسی کوئی مثال نہ پہلے دیکھی تھی اور نہ بعد میں دیکھی کہ زید کے والد اور چچا انہیں لے جانے کے لئے آئے، انسان کو ہر قسم کی غلامی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے آزاد کرنے والے ہادی و رہبر (ﷺ) نے انہیں جانے کی خوشی اجازت دے دی لیکن زید اپنے محسن، اپنے مربی اور اپنے آقا کو چھوڑ کر جانے پر رضامند نہیں ہوئے، وہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر جیتے تھے، اسی محبت کے فیض سے رسول اللہ ﷺ نے انہیں آزاد کر کے اپنا متبنیٰ (مدعو بالولد) بنایا اور وہ زید بن محمد کہے جانے لگے، یہاں تک کہ نبوت کے، اور اسلام نے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا۔

ان ہی میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں۔

حضرت صدیق کے کمالات و فضائل کے اس شمر میں ہوتے ہیں۔

ثانی اثنین فی الغار المنیف و صاحبہ فی العریش المشرف

وہ آزاد مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے تھے، نبوت کے دعوی کے وقت رفیق غار ﷺ تھے، مکہ کا بڑے سے بڑا مصیبت اور ابتلا انہیں اسلام سے نہ پھیر سکا، وہ ایک دولت مند تاجر تھے، اور تجارت کے بعد آپ رسول اللہ کے ساتھ ایک فی جہت کے لیے کامیاب رہیں۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان سربرآوردہ لوگوں ﷺ کے سب سے گہرے دوست تھے۔ اس دوستی کی بنیاد عادات و خصائل اور اخلاق حمیدہ کی مماثلت تھی۔ حضرت ابوبکر صدیق کی تجارت کی نوعیت بار بار سفر اور تجربہ کار تاجروں سے ملنا تھا، مکہ پر تبلیغ کے دعوے آغاز سے پہلے ان کی تبلیغ کے نتیجے میں حضرت عثمان غنی، حضرت عبدالرحمن بن عوف، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہم مسلمان ہو گئے تھے، آخر کے عشرہ میں ایمان کے یہ لوگ ہے لوگوں سے ٹکرا گئے تھے، کفار کے تشدد پھیلنے لگے تھے، ان مسلمان ہونے والوں میں حضرت بلال حبشی، حضرت ابوعبیدہ بن جراح، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عمار بن یاسر کی ماں حضرت سمیہ خباب اور حضرت ارقم بن ابی ارقم رضی اللہ عنہم اور بعض

تم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

دوسرے صحابہ کرام بھی شامل ہیں۔

اس آیت میں ان پہلے مسلمان ہونے والے اہل مکہ اور مدینہ کی تعریف کی گئی ہے جنہوں نے اللہ کے راستے میں ہجرت کی اور اللہ کے دین کی خاطر اپنا گھر بار چھوڑا۔ اللہ کے فضل و رحمت ہے کہ ان مہاجرین و انصار میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک بڑی تعداد شامل ہے۔ ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو سب سے پہلے اسلام لانے والے تھے اور اسلام قبول کرنے والے انصاری بھی شامل ہیں جنہوں نے پہلی بیعت عقبہ اور دوسری بیعت عقبہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی۔

والسٰبقون الاولون من المهجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان ۙ رضي الله عنهم ورضوا عنه واعد لهم جنت تجري تحتها الانهر خلدين فيها ابدا ۭ ذلك الفوز العظيم ۝ (۹:۱۰۰)

اور جو پہلے پہل (ایمان لانے میں) سابق اور مقدم ہیں (اور) مہاجرین اور انصار میں سے اور جو لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے متبع ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لیے باغات تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان باغات میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے راضی ہونے کی اصل وجہ یہ ہے کہ انہوں نے اس کے لئے اپنے گھر بار چھوڑ کر رکھے ہیں اور اللہ ان کے لئے جنت تیار کر رکھی ہے جس کی بشارت انہیں دنیا ہی میں دے دی گئی تھی۔ اب آخرت میں اللہ نے ان کے درجات کا تعین فرمایا ہے۔ ایک گروہ جو اپنے مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس مقصد کو اٹھا لیتا ہے کہ جو اللہ کے رسول ﷺ کے وصال کے بعد چند ہی سالوں کے اندر اندر اللہ کے دین سے پھر گئے تھے۔ قرآن کریم کی اس واضح اور مستند بشارت کے بعد ان کا عقیدہ کیا رہتا ہے۔

سب سے پہلے مسلمان ہونے والے مہاجرین اور انصار کو اللہ تعالیٰ نے جن الفاظ میں شامل کیا ہے۔ آگے تشریح نے فرمایا ہے کہ ان الفاظ میں تمام مسلمان شامل ہیں۔ اس آیت کے الفاظ میں ہجرت اور نصرت میں شرکت کرنے والے صحابہ کرام کی اس جماعت سعادت و برکت میں شامل ہیں۔ (اگر اس آیت کے الفاظ اول کی یہ تشریح ہے) اور ظاہر ہے کہ یہ تشریح درست ہے تو پھر کسی کافر معاشرہ میں پہلے ایمان لانے والے مسلمانوں میں شامل ہونے کے لئے ہجرت اور نصرت (فی سبیل اللہ والاسلام) کا جو مفہوم ہے اور اس کے لئے جو قربانی مطلوب ہوتا رہا ہے اسے ہر زمانے کے داخلہ اسلام میں شامل ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ اور سابقون الاولون کا اتباع کرنے والوں کو گروہ تابعین کہا گیا ہے اور یہ گروہ قیامت تک اخلاص اور اسلام پر قائم رہنے والوں اور ان کے ساتھ شامل ہوتا رہے گا۔

یہ لوگ اور وہ لوگ جن کا آگے ذکر ہے ان کے لئے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ ان کے گناہ معاف کر دے گا اگرچہ ان کی تعداد دوسرے تمام لوگوں کے مقابلے میں کم ہوگی چاہے وہ ان کے گناہوں اور لغزشوں کے حصول میں جہنم کرنے والوں اور جہنم لے جانے والوں سے ہی ہو۔ یہ اللہ کا اصول ہے جو قرآن میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ کہ اسلام پر قائم رہنے والے

(والسٰبقون السٰبقون اولٰٓئك المقربون في جنٰت النعيم ۝ ثلة من الاولين ۝ وقليل من الاٰخرين ۝ (۵۶:۱۰-۱۴)

اور آگے (نیکیوں میں) آگے والے ہیں وہ آگے ہی ہیں۔ وہ مقام قربت پانے والے ہیں، نعمتوں والی جنتوں میں۔ ان سابقون الاولون میں ایک بہت بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگا اور تھوڑے سے آخر میں آنے والوں میں سے۔

ان تمام سابقون الاولون کی کیفیت بالکل واضح اور ان کے متعلق اللہ کا وعدہ بھی واضح ہے کہ جو بھی ان کے نقش قدم پر چلیں گے اللہ ان کی مدد سے ان کے اخلاق کا جائزہ لیتا رہے گا اور راضی رہے گا۔

کم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

صبر..... مومن کی ڈھال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول اور اپنی اقتدا میں سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو انہیں کوتاہی اور عزم و استقلال سے مقصد پر چلنے کے سلسلے میں صبر کا حکم دیا۔ صبر استقامت اور ثابت قدمی کا نام ہے۔ حقیقت تو کامل علی اللہ اور توکل علی اللہ ہی کا اصل نام صبر ہے۔ صبر انسان کو وہ قوت عطا کرتا ہے کہ وہ ناگوار حکم اور زبان سے نکلے ہوئے کلمات کو برداشت کر سکے۔

نبی معظم ﷺ پر جو لوگ سب سے پہلے مسلمان ہوئے ان میں غلام اور بے سہارا لوگ تھے۔ تاریخ شاہد و عادل ہے اس حقیقت پر کہ پیغام حق کو سب سے پہلے وہ قبول کرتے ہیں جن کے پاس کھونے کو کچھ نہیں ہوتا اور پانے کو بہت۔ اچھی زندگی، آزادی اور اگلی دنیا پر یقین ہوتا ہے اور پیغام حق کی حلاوت میں وہ ذوق حال طبقات سے آگے ہوتا ہے جس کے مخاطب پر رسول ﷺ کا پیغام سب سے زیادہ اثر رکھتا ہے۔ اسلامی پیغام اتصال اور انسان کی عالمی سے انسان کو خیالات دلاتا ہے۔ یہ مترنم اس پکے ہوئے پھل کو گرم و تیز جھونکے دیتا ہے اور وہ صبر کی قوت سے باطل کی طاقت اور لالچ میں پڑ کر ان چاہنوں کو ٹھکرا دیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کو مکہ مکرمہ میں پر کھیا جاتا ہے اور جینے میں آنے والی پریشانیوں کا ذکر کیا جاتا ہے مگر اس کے جواب میں ان کے لبوں سے اُحد، اُحد کی صدا ہوتی ہے اور اپنی جگہ پر ثابت قدم رہنے کا عمل صبر ہے اور اس صبر کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ صابر ظالم کو اپنی جگہ سے پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیتا ہے۔

قریبی لوگوں کو دعوت اسلام دینے کے بعد رسول اللہ ﷺ کو تبلیغ عام کا حکم دیا

کیا۔ تبلیغ عام کی اجازت کے ساتھ ہی فی الحاضر مکہ میں ہی پہلی آیات رسول اللہ ﷺ کو نازل کر دی جانے لگیں۔ آپ کو شروع شروع میں جو سوالی دشمنی کا سامنا کرنا پڑا اس کی تفصیل بھی ہمیں قرآن عظیم سے ہی ملتی ہے۔ آپ کی تعلیمات کے ذریعے اللہ کی طرف بلانے کی تبلیغ، سوال کرنے صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کا ایک دوسرا پہلو ہمارے سامنے آتا ہے۔ وہ یہ کہ جو ﷺ نے اخلاق اور کردار کی دعوت دی تھی، انکار کے بعد ایک اور دعوت حق ہر مرتبہ تو ان قدسی نفس رسول کی دعوت حق سے انکار کے بعد ہوتا چلا گیا۔ ان حالات میں، جب عمل نے اپنے رسول ﷺ کو یہ تسلی دی

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السَّاجِدِينَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ۝ (۱)

اس آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے اس کو کھول کھول کر بیان کیجئے اور مشرکوں سے اعراض کیجئے (ان سے مت چھیڑ کیجئے) آپ سے تمسخر کرنے والوں (کی ایذا) کے لئے ہم کافی ہیں۔ جو اللہ کے ساتھ اور معبودوں کو شریک کرتے ہیں ان کو جلد ہی (اپنی گمراہی کا) نتیجہ معلوم ہو جائے گا۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ (مشرکین) جو کچھ کہتے ہیں ان باتوں سے آپ دل تنگ ہوتے ہیں۔ آپ اپنے رب کی تسبیح کرتے رہیں (اور ان کی) اور سجدہ کرنے والوں میں شامل ہو جائیں اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہاں تک کہ آپ کو موت آ جائے۔

اس مختصر سی آیات میں کیا کچھ نہیں آ گیا۔ پیغام رسالت کا علم، کافروں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رویہ کا بیان، اٹھنے کی جگہ آن کو تکلیف دہ باتوں کے سننے کے بعد کیا کرنا چاہیے، یہ سب کچھ ہمیں ایک ہی جگہ سے ملتا ہے۔ یہ عمل (اور وحی) کتنا مشکل تھا۔ یہ اعراض کی صعوبتیں اور مراحل کیسے

(۱) الحجر ۱۵/۹۷-۹۹

www.KitaboSunnat.com

یا صباحاہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ کے تیسرے مرحلے سے بڑے عجیب و غریب حالات اور اہم مسائل وابستہ ہیں۔ قریش مکہ نے دارالندوہ میں تبلیغ کے مرحلے کے جو جواب آپ کو کھول کھول کر بیان کرنے کا حکم دیا گیا تو ایک صبح آپ ﷺ نے کوہ صفا کی بلندی سے آواز بلند کی۔ یا صباحاہ (ہائے صبح)۔ یہ آواز قوم کو ہوشیار کرنے کا عرب میں رواج تھا۔ جب کسی دشمن کا حملہ ہوتا تو قبائل اسی نعرے سے ایک دوسرے کو اطلاع دیتے۔ یا صباحاہ کی آواز سن کر قریش کے قبیلوں کے قبیلے آپ ﷺ کے گرد جمع ہو گئے۔ آپ ﷺ بلندی پر کھڑے تھے اس لئے آپ کی نظر کے سامنے آپ کی پشت کا منظر بھی تھا اور آپ کے سامنے کا منظر بھی۔ قریش آپ کی صداقت پر مکمل اعتماد رکھتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں یہ کہوں کہ پہاڑی کی پشت پر دشمن کا ایک لشکر جرار ہے تو تم یقین کرو گے؟ سب نے جواب دیا کہ ہاں ہم تمہاری صداقت پر کامل بھروسہ کرتے ہیں۔ اس پر رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انذاری عہد یوں کی دعوت دی اور قریش کو توحید اور اپنی رسالت پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ اس دعوت پر قریش کے راہل کا اظہار و جواب نے کہا کہ:

اے بھتیجے! تم ہماری اولاد سے ہو۔ تم نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا یا صباحاہ کے نعرے کو کس طرح استعمال کیا۔

یہ کہہ کر ابولہب وہاں سے چل دیا۔ دوسرے لوگوں نے بھی اس کی پیروی کی۔ ابولہب کے الفاظ یہ تھے

ہر قسم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com



علم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

کافرانہ زندگی کا ہر شعب خطرے کی زد میں

قبل تخلیق کی دعا کے ساتھ ہی اس جدید کی کو بھی میں کامیاب ہو گئے جو اس "نئے دین" کے نتیجے میں پیدا ہو سکتی تھی۔ انہیں یہ بات نظر سے اوجھل نہیں آبادی نہیں تھی کہ زندگی کے سارے شعبے اور ادارے معاشرتی اور سب سے بڑھ کر ان خانگی نظام، ان سب کو اسلام نے تعلیمات میں انسانی اخلاق و عبادات کے پابند کر کے، دینی معاملات سے بھی زیادہ واضح طور پر مربوط پایا۔

انہوں نے جو طور اس پیغام کو بھی سمجھ لیا کہ زندگی کے ہر شعبے کا اسلام کے دائرے میں شامل کرنا ہے گا۔ چاہے وہ اپنی آمدنی ہو یا اپنی دولت خرچ کرنے کا معاملہ کہیں نہ ہو۔ جیسے جیسے اسلام کا پیغام پھیلتا جاتا تھا، قریش کی مخالفت بھی بڑھتی گئی۔ ظلم اور معاشرتی بائیکاٹ اسلام کی راہ میں حائل ہو کر بھی قریش کو فتح نہ دلا سکے تھی۔

دنیا کے سامنے بھی اپنے اپنے دور میں ایسی ہی اسلام دشمن طاقتوں سے واسطہ پڑا تھا۔ اسلام کے بنیادی اصول، اسلام اور تعلیمات ہر دور میں چند معمولی اختلافات کے علاوہ ایک جیسی تھیں۔ ہر نبی نے توحید، آخرت، ذاتی میں عدل و انصاف، عبادات میں ایثار، روزے، اخلاق فی سبیل اللہ کی تعلیم دی اور ان پر ان کی امتوں نے اعتراضات اور ان کی مخالفت کے اسباب بھی یکساں رہے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کفر کا ذہن ہمیشہ سے "جامد" رہا ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام مدین والوں کی طرف بھیجے گئے۔ ان کی دعوت، تعلیمات اور ان کی قوم کے رویے کا ذکر قرآن حکیم نے اس جامعیت کے ساتھ کیا ہے کہ ہر

دور کے کافروں اور منکروں کا احاطہ کر لیتا ہے:

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ۝ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ بَقِيَّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ ۝ قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَن نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن نَّفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ۝ (۱)

اور مدین (والوں) کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ انہوں نے (اپنی قوم والوں سے) کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو کہ تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اور ناپ تول میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں آسودہ حال دیکھ رہا ہوں اور مجھے تم پر اس دن کے عذاب کا خوف ہے، جو تمہیں گھیر لے گا۔ اور اے میری قوم! انصاف کے ساتھ پوری پوری ناپ تول کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں (بڑھا چڑھا کر) کم نہ دو اور زمین پر فساد نہ پھیلاتے پھرو۔ اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ کا حلال کیا ہوا بچا ہوا تمہارے لئے بہت بہتر ہے اور میں تم پر نگہبان اور داروغہ نہیں ہوں۔ انہوں نے جواب دیا کہ اے شعیب! کیا تمہاری نماز تمہیں یہی حکم دیتی ہے کہ ہم ان معبودوں کو چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے اور ہم اپنے مالوں میں بھی جو چاہیں تصرف نہ کر سکیں۔ بس تم تو بڑے بردبار اور نیک کردار آدمی ہو۔

(۱) الاعراف ۷/۸۵-۸۷

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

ہر نبی عبادات کے ساتھ فرائض و احکام کی تعلیم بھی دیتا رہا ہے۔ حضرت شعیبؑ نے اپنی قوم کو رزقِ حلال اور جائز تجارت کا حکم دیا جس میں ناپ تول کی کمی بیشی نہ ہو۔ صلوٰۃ سے مراد اگرچہ عام طور پر نماز ہے، مگر یہ لفظ دینِ حق کی ہر دعوتی میں پورے دین کے لئے استعمال ہوا ہے۔ پورا نظامِ دین جس میں عبادات، معاملات اور فرائض و احکام سب شامل ہیں، خاص طور پر زکوٰۃ و صدقات، مشرکوں اور منافقوں پر زکوٰۃ بہت گراں گزرتی ہے جس کا اندازہ نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد ادائے زکوٰۃ کے جھگڑے سے ہو سکتا ہے۔ یہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فراست، ایمان اور استقلال تھا جس نے اس فتنے کی بیخ کنی کی۔ (قوم مدین کا حضرت شعیب علیہ السلام کو تعلیم و ارشاد کیا انتہائی ایک شکل ہے)

جماعتِ مومنین کی شیرازہ بندی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت و تبلیغ کے ساتھ جماعت مومنین کی تنظیم و شیرازہ بندی اس کی تعلیم و تربیت اور ان کو دیگر فرائض کی تعلیم بھی دیتا رہا ہے۔ مکہ میں آپ کو صرف تبلیغ کا حکم دیا گیا۔ اس سے پہلے آپ ﷺ نے قومی عزیزوں کو دعوت اسلام دی اور مومن مسلمانوں نے اپنے قریبی دوستوں اور قابل اعتماد عزیزوں تک اسلام کا پیغام پہنچایا۔ یوں مسلمانوں کی تعداد چالیس پینتالیس افراد تک پہنچ گئی۔ یہ اہل ایمان ایک دوسرے سے گرم جوشی سے ملتے، دوستوں، گھروں میں گفتگو کرتے، پہاڑوں کی گھاٹیوں میں جا چھپتے مل کر نماز پڑھتے اور اپنے رب کی عبادت کرتے۔ باہمی صلاح و مشورہ کرتے رہتے کہ آپ ﷺ کی حفاظت میں زیادہ سے زیادہ وقت گزارنے کی کوشش کرتے۔ آپ ﷺ سے طہارت اور وضو کے احکام معلوم کرتے اور نماز سیکھتے۔ اسی اثنا میں سورۃ المدثر نازل ہوئی۔ بعض کی مستند روایت کے مطابق سورہ اقرأ کی پہلی پانچ آیات کے بعد فاتحہ سب سے پہلے نازل ہونے والی سورۃ ہے جس میں آپ کو اللہ تعالیٰ نے اٹھ کھڑے ہونے کا حکم دیا گیا۔ آپ کی تبلیغ بلند کرنے کا طریقہ آپ کے بتا دیا گیا۔ اسی کے ساتھ ساتھ پاکیزگی کا حکم آپ کو اور جماعت مومنین کو دیا گیا اور بت پرستی اور تمام مشرکانہ رسوم سے دامن بچانے کا حکم دیا گیا۔ معاشرتی امور میں اس بات کو اولیت دی گئی کہ احسان جتلانے کے خیال سے کسی پر احسان نہ کیا جائے اور اس "لئے" کو پیش نظر رکھتے ہوئے دوسروں کی خدمت کی جائے اور ہر عمل صرف اپنے رب کے لئے ہو۔ "اصبر" اور "صبر" کے لفظ کو بار بار دہرا کر اہل ایمان کو حکم دیا جا رہا تھا کہ وہ صبر کریں۔

تم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

نماز ابتدائی دور میں بھی مسلمان پابندی کے ساتھ ادا کرتے تھے۔ اگرچہ پانچ وقت نماز اس کی فرضیت واقعہ معراج سے وابستہ ہے۔ نماز سے سرکار عالم و عالمیان ﷺ نے "معراج المومنین" قرار دیا۔ تاہم معراج ہے لیکن یہ بات بڑی اہم تحقیق طلب ہے کہ ابتدائی دور میں صبح اور شام کی دو نمازیں فرض قرار دی گئیں اور ان دو وقت نمازوں میں دو دو رکعتیں ادا کی جاتی تھیں۔ اس سلسلے میں یہ آیت دلیل کے طور پر پیش کی جاتی رہی ہے:

فاصبر إن وعد الله حق واستغفر لذنبك وسبح بحمد ربك بالعشي والإبكار ○ (۱)

اے نبی! آپ صبر کیجئے، بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے۔ آپ اپنے اور آپ کے رفقاء کی کوتاہی کو معاف کرتے رہیں اور صبح و شام اپنے رب کی تسبیح اور حمد بیان کرتے رہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معصوم پیدا کیے گئے تھے اور آپ ہر گناہ سے محفوظ و مامون تھے۔ اس کے معنی معافی ہیں "ذنب" کے۔ اس لئے ان آیتوں کو بھی وقوب کہتے ہیں جو کسی آدمی کے پیچھے لگا دی جائیں۔ سورۂ فتح میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر اعلان فرمایا کہ اے رسول! آپ پر جو الزام لگائے گئے، بالعمد میں لگائے جائیں گے ہم نے آپ کو ان سے محفوظ کر دیا اور یہ فتح مبین اس کا ایک ثبوت ہے۔ اور حضور ﷺ کی مستقل مغفرت بھی ہمیں ایک صورت ہے۔ صبر اور استغفار لازم و ملزوم ہیں اور کارگاہ حیات میں مومن کے دو ہتھیار ہیں جو اسے اس کے رب نے عطا کئے ہیں۔ فرار تو مومن کی اللہ تعالیٰ سے مرکوشی اور حرام ہے سو اللہ تعالیٰ سے تعلق کا واسطہ ہے اور صبر ایک ایسی اخلاقی قوت ہے جو اسے ثابت قدم رکھتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو اخلاق عالیہ عطا کئے ہیں ان میں ہر خلق دوسری اخلاقی خوبی سے ہم رشتہ ہے۔ صبر کا نتیجہ استقامت ہے۔ استقامت راہ حق میں ہر قربانی کے لئے تیار کرتی ہے اور مومن میں یہ قربانی اس یقین کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہے کہ اس کا واسطہ اس کے رب سے ہے۔ یہ خلق بالذات نماز کے ذریعے انسان کو عطا ہوتا ہے۔ اسی لئے ارشاد ہوا

۱۔ المومن ۵۵

واصبر نفسك مع الذين يدعون ربهم بالغداة والعشي يريدون وجهه (۲)

اور اپنی جان کو انہیں کے ساتھ روکے رکھا کیجئے جو صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں۔

نماز کے حکم سے پہلے صبر کا حکم دیا گیا اور صبر کی تلقین میں ضرورت حق کا جذبہ بھی شامل ہے۔ سورۂ المعارج ابتدائی قرآنی سورتوں میں سے ہے۔ اس کے اختصار اس کے نزول اور اس کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ابتدائی دور کی سورت ہے:

وتعز أولي النعمة منهم قليلا إنا لدينا أنكالا وجحيما وطعاما ذا غصة وعذابا أليما (۳)

رہا ان نعمتوں کا تذکرہ ہے کہ جب تک انسان زندہ ہے، سوائے ان کے کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، اور انہوں نے ایک دوسرے کو حق کی دعوت دی اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کی۔

جس آیت کی اس مختصر سورت پر غور کرنے چاہئے، انسان کی پوری تاریخ آپ کی نظروں کے سامنے آ جاتی ہے۔ زندہ رہنے کی طرح طرح کی قربانی پڑتی ہے۔ اور صبح ازلی اور صبر انبیاء کے بغیر نہ تو ایمان، نہ کسی کے باقیات اس حقیقت کے گواہ ہیں کہ دل آخر تک یا تن و جان ثابت رہے۔ اس لئے تمام رسولوں نے ان کو انبیائے کرام نے وحی الٰہی کی روشنی میں خوش کیا اور ان پر اس کے بیان اور عمل کی ذمہ داری ہے۔ "ایمان" "عمل صالح" کا تعلق قرآن کے قلب و دماغ سے ہے اور صبر پر عمل پیرا ہونا، اور صبر کا دامن نہ چھوڑنا ایمان کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ بعض سابقہ امتوں نے ایک دوسرے کو حق اور صبر کی تلقین کرنے کے حکم پر عمل نہیں کیا تھا۔ ہدایت کے مطابق اس دور ابتلاء و آزمائش میں جب مسلمان ایک دوسرے سے ملتے تو اس وقت تک الگ نہ ہوتے جب تک ایک دوسرے کو صبر کی تلقین نہ کر لیتے۔ یہ تھی تربیت جو اللہ نے اپنے بندوں کو دی تھی۔ ان کے ایمان کو استحکام بھی ہوا

۲۔ الکہف ۲۸

۳۔ المزمل ۱۱ تا ۱۳

ہزاروں مزید کتابیں، ہر موضوع پر، مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخلاقِ محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں ۔۔۔

www.KitaboSunnat.com

(اور ان کو مرکر تو پھر نہ جائیں) جو ہم نے ان میں سے کئی طرح کے
لوگوں کو برتے رکھی ہیں اور نہ آپ ان چیزوں کے نہ ہونے پر افسوس
کریں اور مومنوں کے لئے اپنے بازو جھکا دیجئے (جس طرح پرندے
اپنے بچوں کے لئے اپنے بازو جھکا دیتے ہیں)

اس قرآنی بیان میں ہمیں کرۂ ارض کی دو عظیم سلطانوں کی زندگی اور سیرت و کمالات کی روشنی کا تقابلی نظروں کے سامنے آجاتا ہے۔ اور یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ مشرکین کو حاصل تمام نعمتیں صرف سورۂ فاتحہ کے سامنے کئی حقیر ہیں۔ ان سات آیتوں میں اسلام کی روح اسی طرح سمٹ کر آگئی ہے کہ جس طرح پرندے اپنی آنکھوں کی پتلی میں وسیع آسمان سمیٹ کر آجاتا ہے، اور یہی وجہ ہے کہ اہل سورۂ فاتحہ کی دعوتوں کو سمیٹ نہیں سکتی۔ سورۂ فاتحہ میں ہمیں اپنے رب کے اپنی مخلوق سے نزدیک تر ہونے کا یقین اور احساس ہوتا ہے اور ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں، اس کی ربوبیت اور رحمانیت کے سمندروں میں غوطہ زن ہوتے ہیں، روزِ آخرت میں بھی اس دنیا کی طرح اس کی مالکیت کا اقرار کرتے ہیں اور اس سے مدد مانگتے ہوئے اس کی الوہیت کا اقرار کرتے ہیں۔ یہ سورہ انسان کی روح کی غذا ہے جو گمراہوں اور عذاب زدہ افراد سے الگ ہو کر اپنے لئے نجات و ہدایت اور جنت طلب کرتی ہے۔

اس وقت مسلمان دنیا کی آسائشوں سے اور ایمان کی دولت کی کچھ حصے شرک کی تمام قوتوں کے خلاف جہاد کرتا رہا ہے اور انہیں راہِ راست پر لانے اور بے تحاشہ دی جا رہی ہے کہ مال و متاع کی دولت کو ٹھوکر مار دو اور حضور ﷺ سے فرمایا جا رہا ہے کہ تمہاری خلقت سب سے بڑی رحمت اور حالات کے سورج کے مقابل سایہ رحمت ہے۔

زمانے کے مقابل تنہا، مگر اپنے رب کے ساتھ

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ اسلام کی عالمی تاریخ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شروع ہوتی ہے۔ آپ مہینوں اور سالوں میں طائف سے جاتے رہے اور آنے والے زائرین اور تاجروں کے پاس جاتے اور انہیں توحید کی دعوت دیتے۔ وہ دعوت واپس جا کر آپ کی آمد اور "ہجرت" کی خبر قرآن مجید نے ملی ہے آپ کے پیچھے پیچھے ہر جگہ میں پہنچ کر آپ کا استقبال کرتے اور انہیں سے کہتا کہ اس شخص نے ہماری کو بھلائی سے جدا کر دیا ہے ہم میں تفرقہ پیدا کر دیا ہے ہمارے معبودوں کا مذاق اڑاتا ہے ہمارے بچوں کو بگاڑ دیتا ہے۔

جب کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابوجہل اور دوسرے قریشیوں کی مخالفت کو سامنا اپنی قوم سے فرماتے اور باہر سے آنے والے آپ کے اخلاق اور قول کا سوداد قریش کے قول سے کرتے اور یوں ان کے دل محمد ﷺ کی دعوت کی طرف جھکنے لگتے۔ مکہ کے اس طوفان میں نبی اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام مسلسل حرم شریف جاتے رہے، طواف کعبہ کا طواف کرتے رہے، اسلام پر دلائم پیش فرماتے رہے، عام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ہجرت کی کہ وہ آپ سے دور حبشہ میں جہاں امن و امان میسر ہو کر صدیق جہاں تک ممکن ہوتا آپ کے ساتھ رہتے اور جب قریش کا ظلم و تشدد ناقابل برداشت ہو جاتا تو آپ کی اطاعت اپنی جان کی قربان کی قیمت پر کرتے۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت حمزہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے اکابر صحابہ نمودار ہوتے اور آمنہ کے سامنے کھڑے ہو کر نبی کریم ﷺ

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

حضرت حمزہؓ نے سرورِ کائنات کے ساتھ ابوجہل کی بدسلوکی اور گستاخی کی خبر سنتے ہی شکار سے واپسی پر حرم کا رخ کیا اور مجمع عام حضور ﷺ کے پاس کھڑے ہو کر اپنی کمان ابوجہل کے سر پر اس زور سے ماری کہ کمان ٹوٹ گئی اور آپؓ نے اعلان کیا کہ میں محمد ﷺ کا طرفدار مسلمان ہو گیا ہوں۔ اسی طرح حضرت عمرؓ کے مسلمان ہونے پر اہلِ ایمان نے اس زور سے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا کہ حرم کعبہ تک صدائے تکبیر پہنچ گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خانہ کعبہ کا طواف کرتے تو سردارانِ کفر آپ کا تمسخر اڑاتے، ایک دوسرے کو اشارے کرتے اور قہقہے مار کر ہنستے۔ ایک دن قریش نے آنحضرت ﷺ کی پشت اور کندھوں کے درمیان خون آلود اوجھڑی اس وقت ڈال دی جب آپ سجدے میں تھے اور آپ کا دم گھٹنے لگا۔ اسی وقت حضرت فاطمہؓ تشریف لائیں اور اس بوجھ کو اٹھا کر آپ کے جسم سے الگ کیا۔ آپ کے جسم کو صاف کیا اور قریش کو برا بھلا کہا۔ رسول اللہ ﷺ نے نماز سے فارغ ہو کر اپنے ہاتھ دعا کے لئے بلند کئے اور بیٹھ کر کافروں کے لئے ہدایت کی دعا کرنے والے کے الفاظ سے تین مرتبہ یہ دعا بلند ہوئی:

اے رب کعبہ! قریش کو پکڑ لے۔ عمرو بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کو پکڑ لے۔

اور یوم فرقان۔ یوم بدر ان کی پکڑ کا دن تھا۔ جب ان کے لاشے خاک بدر پر پڑے ہوئے تھے مورخ کی بے مہر کرنیں عذاب الٰہی بن کر ان کو چٹخا رہی تھیں۔ اس دنیا میں ان پر ابدی عذاب کا آغاز ہو گیا تھا۔ یہ وہ تھے جن میں سے ایک نے آپ ﷺ کے چہرہ اقدس پر تھوکا تھا ایک نے آپ کی گردن مبارک پر اوجھڑی ڈالی تھی، ان میں وہ تھا جس نے آپ کے چہرے اور سر پر مٹی ڈالی تھی، ان میں ایک وہ تھا جس نے آپ کی پشت مبارک پر اوجھڑی ڈالی تھی۔ یہ سب (ان کا بوجھ تھے اور) جن انہیں قبول کرنے سے انکار کر رہی تھی۔ آخر ان کے لاشے بدر کے کوئیں میں پھینک دیئے گئے۔

حرم کعبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جب ایسے ظلم کئے گئے تو آپ

نے ان ظالموں کو ان کے انجام سے باخبر کر کے رسالت کا حق ادا کر دیا۔

ایک دن حضور ﷺ کعبہ کے مقام ابراہیم پر نماز ادا کر رہے تھے تو عقبہ بن ابی معیط نے آپ کی گردن میں اپنی چادر ڈال کر اس زور سے کھینچی کہ آپ ﷺ زمین پر گر گئے اور قریش سمجھے کہ آپ اس دنیا سے رخصت ہو گئے، حضرت ابوبکرؓ صدیق کو اطلاع پا کر پہنچے اور اپنے رسول کو زمین سے اٹھایا۔ حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے سایۂ کعبہ میں بیٹھے ہوئے آلِ قریش سے جا کر فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ میں تمہاری طرف تمہیں ذبح کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ اور آپ نے اپنے ہاتھوں کو اس طرح جنبش دی کہ جیسے کسی کو ذبح کیا جا رہا ہو۔ ابوجہل نے کہا کہ محمد! تم تو نہیں ہو کیا ہوا جو ایسی باتیں کر رہے ہو؟ آپ نے ابوجہل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تم بھی ان ہی ذبح ہونے والوں میں سے ایک ہو۔

سردارانِ کفر کے اذہان میں صرف اللہ کا رسول ہی اس لیے ہیں بات کر سکتا تھا۔ صرف وہ انسان ہی ان کفر زادوں کو ان کا انجام دکھا سکتا تھا جس کے رب نے اس کے لئے مستقبل کے سربستہ گوشے حال بنا کر پیش کر دیئے ہوں، جسے اس نے یہ یقین دلا دیا ہو کہ تمہارا رب تمہیں لوگوں سے محفوظ رکھے گا۔ اس بندہ کو کچھ پروا نہیں ہوتی ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کی اس حفاظت کی یقین دہانی کا اظہار کیا گیا ہے جس سے آپ کے رب نے آپ کو اپنی رسالت کے ابتدائی دور ہی میں مطمئن کر دیا ہو:

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (۱)

اے رسول! جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اسے (لوگوں تک) پہنچا دیجئے۔ اور اگر آپ نے ایسا نہیں کیا تو رسالت کا حق ادا نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ آپ کو لوگوں (کی اذیت

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

رسانی) سے کھلوا رکھے گا۔ بے شک اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اخلاق انسانی کا اہم گوشہ یہ ہے کہ اخلاقی صفات ایک دوسرے سے مربوط اور پیوست ہوتی ہیں، اور ان کے درمیان تناسب اور توازن کا ہونا بے حد ضروری ہے۔ اس کے بغیر اخلاق ایک مکمل نہیں بن سکتا۔ پھر اخلاقی صفات و اعمال میں مداومت کے بغیر کسی کے اخلاق کے بارے میں کوئی حکم نہیں لگایا جا سکتا۔ ایک کلی آنکھ اس ضرورت کا خیال رکھتا ہے، ان کو خوب نوازتا ہے، لیکن اگر کسی وقت اس کے مزاج میں برہمی ہے تو وہ انہیں کلی سے محروم کر دیتا ہے۔ اسی کریم ﷺ نے اہل ایمان میں اپنی مثال اور اسوۂ حسنہ سے ایسی اخلاقی فضیلت کا بیج بویا ہے۔ آپ کا صبر، استقلال سے بڑھا ہوا تھا اور اس استقلال میں استقامت کا رنگ بھرا ہوا تھا۔ یہی استقلال، استقامت، شجاعت اور بہادری کی لازوال صورت تھا۔ جب آپ کو مکہ کے مشرکوں نے ہر طرح کی ایذا رسانی، دعوت اور علم کی تضحیک کا نشانہ بنایا تھا تو آپ ﷺ نے ان کو بے خوفی کے ساتھ ان کے غلط ہونے کی خبر دی۔ اس شجاعت کا دوسرا پہلو آپ کا حلم اور درگزر ہے۔ آپ کی جان کے دشمن آپ کے در پے ہوئے، دعوت کے دل کے ساتھ آپ ﷺ کے پیچھے لگے تو آپ ﷺ نے انہیں لا تثریب علیکم الیوم کی بشارت دی۔

قرآن کی صفت آنے والے صفحات میں، آپ ﷺ کی دوسری اخلاقی صفات کے ذکر کے ساتھ روشن تر ہوتی جائے گی۔ ہم اخلاقی کمی دور میں آپ کے صبر اور حلم کی راہوں، آپ کی قربانی اور سب کچھ نثار کرنے کے باب میں صرف ایک اور واقعہ پیش کرنے کے بعد صحابہ کرامؓ کے صبر کی چند مثالیں پیش کریں گے، کیونکہ صحابہ کرام کا صبر بھی آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ کا ایک تکملہ اور آپ ﷺ کے صبر کا پرتو ہے۔ اس واقعے سے ہم پر یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ پیغمبروں کے راستے میں کانٹے ہوتے ہیں اور پیغمبروں کے راستے کانٹوں سے بھرے ہوتے ہیں۔

الصبر فوق ما یوفی علیہ من التقسیم (۲)

نبی (ﷺ) کو جتنا پورا قرآن کی ذات سے زیادہ حق رکھتے ہیں۔

اس قرآنی ارشاد سے اس حدیث کے معانی کا پہلو مشہود ہو جاتا ہے:

۲۔ الاعراف: ۱۰

لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین (۳)

تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اسے اپنے والد، اپنی اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ عزیز نہ ہو جاؤں۔

اس واقعے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ "قاتل" الیس اسلام دشمن اور دعوت کے کس طرح سب رسول اور مومن کی زندگی کی حقیقت ادا کیا تھا۔ ایک دن حرم کعبہ میں قریش کے سرداروں نے مل کر رسول ﷺ کی تبلیغی مشن کو روکنے کے لئے ہر طریقے سے آپ کو اپنے قبضے میں لے لیا اور چادر ڈال کر آپ کا گلا گھونٹنے لگے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ بھی ساتھ تھے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بچانے کے لئے قریش کے سرداروں کو دھکا دیا اور پیچھے ہٹا دیا۔ آپ روتے جاتے اور کہتے جاتے کہ تم اس شخص کو صرف اس لئے جان سے مارنا چاہتے ہو کہ یہ کہتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی مداخلت سے کافروں کے غصے میں اضافہ ہو گیا، مشرکین نے پہلے سے بڑھ کر حملہ کر دیا اور عقبہ نامی ایک شخص آگے بڑھا اور اس نے آپ کے چہرہ مبارک پر اتنی ضربیں لگائیں کہ چہرہ لہولہان ہو گیا اور ورم کی وجہ سے آنکھ بند ہو گئی۔ آپ کو بے ہوشی کے عالم میں اٹھا کر لے گئے۔ حضرت ابوبکرؓ کو چھوڑ کر گئے۔ گھنٹوں کے بعد جب ہوش آیا تو سب سے پہلے زبان سے ادا ہونے والے کلمات یہ تھے کہ رسول اللہ تو خیریت سے ہیں؟

آپ کو اپنی جان کی حیثیت کی بابت پوچھا کرانے والے عالم بالا تعلیم نے بھلا کیسے نہ کہتے کہ دیکھو اپنی پروا نہیں، اس کی کرو جس کی وجہ سے اس حال کو پہنچے۔

ام جمیل مسلمان ہو چکی تھیں۔ وہ اب قریب آئیں تو ان سے بھی یہی سوال کیا۔ انہوں نے اشارے سے کہا کہ کیسے بتاؤں؟ آپ کی والدہ ماجدہ بن گئی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا کہ ان کے سامنے بتاؤ، کوئی بات نہیں۔ ام جمیل نے مختصر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خیریت

۳۔ صحیح بخاری، کتاب الایمان، باب حب الرسول من الایمان، دار احیاء التراث العربی، ۱۹۹۲ء، ج ۱، ص ۱۰۸، رقم ۱۴

کم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

سے مطلع فرمایا تو بے ساختہ کہا۔ جب (حضرت) محمد کا کوئی مشورہ قبول کیا گیا تو جانتا ہوں محمد عربی ﷺ نے انکار کر دیا اور کہا اس اللہ کے حضور کوئی پیش نہ جائے رسول اللہ کو دیکھیے یہ کہہ کر کھانا بیچ میں چھوڑ دیا۔ جب قبیلے والے چلے گئے تو اپنے مال و دولت اور اہل تعیل کا سہارا لے کر جلد وقت سے اپنے آپ کو قبیلے والوں کے حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ ابوجہل کی دولت اور اس کی بخشش کو دیکھ کر سرکارِ مکہ کی محبت کی آنکھوں میں ہوس ٹپکنے لگے اور ہونٹوں پر مسکراہٹ کی لہر نمودار ہوئی جس میں مستقبل کے پہلے میں چھپی ہوئی اسلام کی بربادی کا سامان اور ثمرات کی روشنی تھی۔ حضرت ابوطالب علیہ السلام نے حضرت جعدہ بن کعب والدہ ماجدہ کو عطا کیا۔ یہی وہ محمد تھا کہ جس کو اول اسلام کے لئے قبول کیا گیا اور وہ مسلمان ہو گئیں (۱۰۵)

۱۰۵۔ سید ابوالخیر کشفی / حیاتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن عظیم کے آئینے میں۔ کراچی: الوقار پبلی کیشنز، ۱۹۹۱ء، ص ۱۰۱۔

دارِ ارقم ۔ پہلا دارالاسلام

نبوت کے تیسرے سال تک اسلام قبول کرنے والے جو مکہ میں بارہ مردوں اور گیارہ عورتوں کی تعداد میں ایک دوسرے سے ملتے اور عبادت کرتے۔ چوتھا سال تھا حضرت ارقم بن ابی ارقم کا وجود نورِ ایمان سے منور ہو گیا۔ ان کا مکان عام رہ گزر سے ہٹ کر تھا جو صفا کے قریب تھا۔ انہوں نے اپنا مکان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام لانے والوں کے لئے وقف کر دیا۔ یہ مکان تاریخ میں پہلا "دارالاسلام" تھا۔ حضرت ارقم بن ابی ارقم سابقین میں سے تھے اور ساتویں مسلمان تھے۔ ان کا گھر اس لحاظ سے قابلِ قدر ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی حفاظت و سرداری کے لئے اللہ کی طرف سے فرشتے مامور ہوئے تھے۔ دارِ ارقم کی فضیلت یہ ہے کہ یہاں آنحضور ﷺ پر نازل ہونے والی آیات کو جمع کیا جاتا تھا۔ یہاں حضور ﷺ سے قرآن کی تعلیم حاصل کی جاتی تھی۔ یہاں حضور ﷺ سے احکامِ شریعت سیکھے جاتے تھے۔ یہاں حضور ﷺ سے اسلام کی تبلیغ کے طریقے

www.KitaboSunnat.com

صحابہ کرامؓ کا صبر

ہم اس دور آزمائش و ابتلا کے چند واقعات پیش کر رہے ہیں۔ اس سے آپ کو اندازہ ہو سکے گا کہ ایمان کے مقابل جان عزیز کی کوئی قیمت نہیں۔ سابقین الاولین نے اپنی زندگی کی قیمت پر اسلام کو پایا۔

حضرت عمارؓ، ان کے والد حضرت یاسر رضی اللہ عنہما اور ان کی والدہ حضرت سمیہؓ ان کے آقا کے سامنے لائے اور تپتی ریت پر گرمیوں کی دوپہر میں ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈال دیئے۔ ایک دن جب وہ یہ اذیت برداشت کر رہے تھے تو رحمت عالم ﷺ کا ادھر سے گزر ہوا۔ اپنے رسول اور ہادی ﷺ کو دیکھ کر حضرت یاسرؓ کے ساتھیوں پر یہ فرمادا بھری کہ یا رسول اللہ (ﷺ) کب تک۔ کیا ہم ظلم سہتے ہی رہیں گے۔ سرکار دو عالم ﷺ کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ آپ نے مظلوم سے کہا اے آل یاسر صبر کرو اور اپنے رب سے دعا فرماؤ۔ یا رحمٰنا آل یاسر کی مغفرت فرما۔ یہ دونوں جملے نبوت کے مرتبے کی عظمت رکھتے ہیں۔ ایک طرف مظلوم کی امت افزائی اور دوسری طرف رب کائنات سے مغفرت کی دعا۔ مغفرت کی دعا میں جنتی کے ساتھ ساتھ دنیا کی ذلت سے نجات ملے۔

حضرت بلالؓ کی پوری زندگی ایک مسلسل آزمائش تھی لیکن اس کے سیاہ تر کرتوتوں میں یہ بھی ہے کہ اس نے حضرت سمیہؓ جیسی خاتون کو شہید کیا۔ اس بے رحمی سے نیزہ مارا کہ وہ شہید ہو گئیں۔ اسی طرح حضرت یاسرؓ بھی انہیں کی تاب نہ لا کر اپنے رب کے حضور پہنچ گئے۔ یہ وہ شہید ان تھے کہ مرتے وقت ان کے لبوں پر یہ کلمہ ہوتا کہ "رب کعبہ کی قسم! ہم نے اپنی مراد پائی"۔

میں جہاد کا نقطہ آغاز تھا۔

دار ارقم مسلمانوں کے لئے ایک پناہ گاہ تو ضرور تھا لیکن معاشرے سے کٹنا کسی کے تعلق نہ کر دینا نہیں تھا۔ پھر ان نو نئے مسلمانوں میں سے کئی شرفاء مکہ کے غلام تھے۔ یہ شرف مسلمان ہونے کی "سزا" کے طور پر ان پر ظلم کے پہاڑ توڑتے تھے۔ اس سلسلے میں پہلا نام جو ہمیں نظر آتا ہے وہ حضرت بلال حبشیؓ کا ہے۔ حضرت خباب بن ارت بھی اسی طرح کے تعلق رکھتے تھے۔ اگرچہ قبیلہ تمیم سے تھا لیکن غلام بنا کر مکہ معظمہ میں بیچ دیئے گئے تھے۔ حضرت صہیبؓ بھی غلام بنا کر مکہ معظمہ میں بیچے گئے تھے۔ حضرت یاسر، حضرت عمار اور حضرت عمار کی والدہ حضرت سمیہ بھی عرب معاشرے کے مظلوم طبقے سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان سب پر ان کے آقاؤں نے ظلم و ستم ڈھائے۔ ان کے علاوہ عرب کے معزز گھرانوں کے جو نوجوان مسلمان ہوئے، ان کے گھر والوں نے انہیں راہ حق سے ہٹانے کے لئے طرح طرح کے آزار دیئے۔ ان کے مقابلہ پر ان مسلمانوں کا صبر تاریخ انسانیت میں سنہرے حروف سے لکھنے کا مقام ہے۔

دو تین مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ طاقتور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تھی۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو ایک سال چھوٹے تھے۔ باقی مسلمانوں کی عمریں اس سے بھی کم تھیں۔ یہ وہ نوجوان تھے جن کے مالی معاشی اور کسی طرح کے مفادات مکہ سے نہیں تھے جو انہیں قبول حق سے روکتے تھے۔ انہوں نے ان کے صدق و استقامت کی داستان اپنی خونچکاں سے لکھوائی ہے۔ تاریخ سیرت اور طبقات الصحابہ سے متعلق کتابوں کے مطالعے سے یہ ایمان افروز داستان سامنے آتا ہے۔ قارئین کرام سے درخواست ہے کہ قرآن مجید کی حقانیت اور ہدایات کے بارے میں کتابوں کے علاوہ سیرت النبی ﷺ اور حیات صحابہؓ پر مشتمل کتابوں کا پابندی سے مطالعہ کیا کریں تاکہ ہمارے معیاری نمونے ذہن اول کی اڑان سے سامنے رہیں۔ جناب گلزار احمد مظاہری کی کتاب حیات الصحابہ کی تین جلدوں کا ترجمہ زیر تحریر ہے۔ مترجم ہیں مولانا محمد احسان الحق۔ وہ اپنے مقالے کی بیرونی لائنوں میں شامل کر لیتے۔

علم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

مشرکین قریش کے اپنے رواج اور دستور تھے۔ ان میں یہ دستور بھی تھا کہ قبیلے اپنے افراد کی حفاظت کرتے اور اس طرح کہ دوسرے قبیلے والے ان پر ہاتھ اٹھانے کی جرأت نہ کر سکتے تھے۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ کے سلسلے میں ہم اس کا ذکر کر چکے ہیں۔ غلاموں کا معاملہ الگ تھا جس کا اندازہ حضرت یاسر اور حضرت سمیہ رضی اللہ عنہما کی شہادت سے ہو سکتا ہے۔

حضرت یاسر، حضرت عمار، حضرت صہیب رضی اللہ عنہم کی طرح حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ حضرت صہیب رومی اور حضرت مقداد کو کسی قبیلے کی حمایت حاصل نہیں تھی۔ قریش کی مجالس میں یہ حضرات کمتر درجہ کے شہری تھے۔ وہ انھیں گھٹیا درجے کی روئیں پہناتے اور انھیں سخت دھوپ میں ہاتھ پیر باندھ کر زمین سے جکڑ کر ڈال دیتے۔ ان سب نے اپنے اپنے طور پر اس ظلم کو سہا کیا لیکن بلال رضی اللہ عنہ نے تو اپنے لیے ایسا گھناؤنا قصہ کیا جس میں اپنے محمد عربی ﷺ کے بھائی، بھول بھی تک مرکب رہے ہیں۔ مشرکوں نے حضرت بلال کو اپنے اوباش نوجوانوں کے سپرد کر دیا تھا جو انھیں مارتے، روئی کے گٹھوں میں لپیٹ کر گلیوں میں گھسیٹتے پھرتے مگر مشرکین مکہ کو ان سب باتوں سے بڑھ کر یہ شکایت تھی کہ بلال رضی اللہ عنہ کی زبان سے ایک یا بھی اف اف کی آواز نہ نکلتی تھی اور ان کے لبوں سے احد، احد کے سوا کچھ نہ نکلتا تھا۔ مشرکین مکہ کے نزدیک بلال ایک غلام کا نام تھا جس کے قتل کی انھیں کوئی پروا نہ تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بلال ایک خطرناک شخص بن گیا ہے جو ظلم کی برداشت میں روشنی کی کرن سے چوٹ لیتا ہے۔

آخر ایک دن امیہ بن خلف اور اس کے حلیف دیگر مشرکین حضرت بلال کو طرح طرح سے ستا رہے تھے، اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق کا گزر ہوا تو انھوں نے ان ظالموں پر نظریں کی۔ جواب میں امیہ نے کہا کہ اگر ہمیں کوئی اور کام ہے تو اس نکمے کو خریدیں کیوں نہ لے لیتے۔ حضرت صدیق نے کہا کہ یہ بات طے ہے کہ تم اس کی بولی لگاؤ گے۔ مجھے منظور ہوگی اور یوں انھوں نے جس کا نصب العین تھا، حضرت بلال کو اس ظلم خاص سے نجات دلائی۔ یہ وہ مسلمان ہونے والے تھے جن کو بلال رضی اللہ عنہ کا نام آج تک وفا اور استقامت کا عنوان ہے

راہِ وفا میں پھول کھلائے بلال نے
اپنے لہو سے طور کو گلشن کیے ہوئے

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ نے آل یاسر اور حضرت بلال کی طرح اسلام قبول کرنے کی پاداش میں بے حد اذیتیں برداشت کیں۔ ایک دن مشرکوں نے آگ دہکائی اور اس پر حضرت خباب کو لٹا دیا اور آگ بجھ گئی۔ خباب کی چربی پگھلنے سے ٹھنڈی ہوئی۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی ایک نشانی تھی کہ چربی سے آگ اور بھڑکنے کی بجائے بجھ گئی۔

یہ ظلم و ستم کے سیاہ بادل اس وقت تک چھائے رہے جب تک کہ مکہ کے معزز خاندانوں کے جوان مسلمان ہو گئے تھے۔ ان کے بزرگ والد، چچا اور دوسرے قریبی افراد میں آباؤ اجداد کے لئے قابل پرستش تھے، ان کے ظلم سے کام لیتے۔ لیکن اسلام کا نور ایسا نہیں تھا جو ان طریقوں سے اتر جاتا بلکہ یہاں تو "ذوق جرم" پر سزا کے بعد بڑھتا تھا۔ حضرت عثمان بن طلحہ مسلمان ہوئے تو ان کے چچا قسم اور اعمام نے ان کو اپنی رسموں سے انحراف پر کبھی گوارا نہ کیا تو چچا طلحہ نے کہا کہ اپنے معبودوں کی قسم اب تک تم ان کو مانتے اور ان کی عبادت کے لئے تیار نہیں ہوگے۔ ان رسموں کی بندش یوں ہی تمہارے جسم میں پیوست ہوتی رہے گی۔ بھتیجے کا جواب تھا کہ اب کچھ بھی قسم دو گزری اب نہیں آنے کی۔ اور آخر بھتیجے کا قول ہی سچا نکلا۔ ہوا وہ خاندان کو یہاں کھڑا ہونا پڑا۔

ایک دن صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے حضرت مسعود بن حراش نے دیکھا کہ ایک نوجوان کے ہاتھ اس کے گھر والوں نے باندھے ہوئے تھے اور اس کو پکڑ کے دے رہے تھے اور برا بھلا کہنے والوں کا ہجوم اس کے گرد ہے۔ ان لوگوں میں ایک عورت بھی تھی جو بہت زور زور سے برا بھلا کہنے والوں میں سب سے آگے تھی۔ میں نے معلوم کیا کہ معاملہ کیا ہے؟ تو معلوم ہوا کہ یہ نوجوان طلحہ بن عبید اللہ ہے اور اس کو گھر کے لوگ ہدایت دینے والے اس کے اجداد، جو چاہتے ہیں کہ طلحہ اسلام سے اپنی بیزاری کا اعلان کر دیں، اور یہ عورت طلحہ کی ماں ہے۔ میری بھی ماتا نظرت کی آگ میں جل اٹھی۔

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com



ہجرت محض عمل نہیں بلکہ اخلاقِ حسنہ کی ایک بنیاد

مکمل دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

اخلاقِ محمد ﷺ قرآن عظیم کے آئینے میں ۔۔۔

www.KitaboSunnat.com



ہزار دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

آگئے۔ اسلام کا یہ سفیر انہیں ایک عالی دماغ انسان ہونے کا احساس دلا رہا تھا اور انہوں نے جعفر کو ایک اشارت بھیجی کہ فیصلہ کن انداز میں گفتگو کا آغاز کرے۔ جعفر بن ابی طالب اس وفد کے سربراہ تھے۔ ان کے ساتھ بھائی کے لئے بیش قیمت تحائف بھیجے گئے۔

نجاشی نے قریش کے وفد کے ساتھ شریف بن کر آنے والے مسلمانوں کو بھی بلا بھیجا۔ جب مسلمانوں کو بھی دربار میں داخلہ کی اجازت مل گئی تو انہوں نے دیکھا کہ ان کے مخالف مشیروں اور پادریوں نے نجاشی کے دائیں بائیں صف باندھ رکھی ہے۔

www.KitaboSunnat.com



علم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

الہامی شکل کر دار تھے جو تبلیغ کو ضرورت اور ہی تھی۔ جس طرح وہ یا ہی روانی کو روکنے پر قادر نہیں۔ جس طرح طوفان بادی دیوار اس کی رفتار اس کے قابو میں نہیں ہوتی، اسی طرح سردار کائنات ﷺ دینی تبلیغی کاوش پر قتل جس لگا سکتے تھے۔ ان کے رب نے ان کو اسی فریضہ کی تکمیل کے لئے بھیجا تھا اور وہ پہلے وحی فرمائی۔ یہ کہہ چکے تھے کہ جس طرح آفتاب اپنی حرارت کو کم یا زیادہ کرنے پر قادر نہیں اسی طرح مجھے تبلیغ کو روکنے پر قدرت نہیں۔ دوسرے واقعہ کے بیان کے بعد جناب ابو طالب نے اپنے بھتیجے کو اس سلسلے میں کچھ سمجھانے کی کوشش کی تو آپ ﷺ نے اس کے جواب میں ارشاد کیا وہ تاریخ استقلال انسانی کے سینے میں ہیرے کی طرح چمکتا رہے گا۔ آپ نے فرمایا:

چچا جان! رب محمد کی قسم اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی رکھ دیں تو بھی میں تبلیغ کے سلسلے کو نہیں روک سکتا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا فیصلہ نازل فرمادے۔ اس کا دین غالب ہو کر رہے یا میں دنیا سے گزر جاؤں۔ (۱۱)

۱۔ ابن ہشام، ج ۱، ص ۲۷۱
۲۔ محمد حسین ہیکل، ص ۱۱۸

شعب ابی طالب

جناب ابو طالب نے اپنے بھتیجے کو اپنی حمایت کے سائے میں رکھنے کا یقین دلایا۔ اس کے بعد ابو طالب نے خاندان بنو ہاشم اور بنو مطلب کا اجتماع منعقد کرایا، اور اس اجتماع میں آپ ﷺ کو قریش کے دوسرے قبائل کے حملوں اور آپ کے قتل کے منصوبے سے آگاہ کیا۔ بنو ہاشم اور بنو مطلب قبائلی عصبیت کی بنیاد پر متحد ہو گئے، اور آپ کی حفاظت پر آمادہ ہو گئے۔ ابو لہب بنو ہاشم کا چچا تھا اور وہ محمد کی مذمت کرتا تھا۔ اس نے قبائلی عصبیت کو ایک طرف رکھ دیا۔ اب بنو ہاشم اور بنو مطلب کے مسلم اور غیر مسلم دوسرے قبائل کے اشتعال انگیز حملوں کا مقابلہ کرنے پر متحد ہو گئے۔

حضرت محمد ﷺ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے اصحاب کی حفاظت کا یہ انتظام جب مکمل ہو گیا تو قریش کے دوسرے قبائل بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان قبائلی امتیاز و تفریق کا مسئلہ پیدا کھڑا ہو گیا۔ مسلم اور غیر مسلم کی تمیز کے بغیر بنو ہاشم اور بنو مطلب کے خلاف قریش کے دوسرے قبائل نے اقتصادی بائیکاٹ کا فیصلہ کیا۔ تمام مسلمانوں کو سخت تکلیف سے گزرنا پڑا۔ ان محصور لوگوں کے پاس کھانے کا ذخیرہ ختم ہو جانے کے بعد جانوروں کی کھالیں اور درختوں کے پتے کھانے پر مجبور ہو گئے تھے۔ اس سلسلہ میں بنو ہاشم اور بنو مطلب اور دوسرے قبائل کے درمیان جنگ پیدا ہونے کے امکانات تھے۔ اس موقع پر بنو ہاشم اور بنو مطلب اور دوسرے قبائل کے سرداروں نے ایک معاہدے پر دستخط کیے۔ اس معاہدے کے تحت بنو ہاشم اور بنو مطلب کی حمایت کا فیصلہ ہوا۔ اس معاہدے کی رو سے بنو ہاشم اور بنو مطلب کے افراد کو مکہ میں خرید و فروخت کی اجازت دی گئی۔ اس معاہدے کے تحت بنو ہاشم اور بنو مطلب کے افراد کو مکہ میں خرید و فروخت کی اجازت دی گئی۔ اس معاہدے کے

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن م

www.KitaboSunnat.com

سلاتی ہی یا تم، بنی مطلب اور بنی عبد مناف کے ساتھ شعب ابی طالب میں محصور کر دیا گیا، یا اسی شدید پابندی لگا دی گئی، انہیں آزادانہ بازاروں میں جانے سے منع کر دیا گیا، ان سے بات چیت حتیٰ کہ میل جول میں ان کی حرکت پر پابندی عائد کر دی گئی، اس متشدد کے ہوا کے طور پر بنی ہاشم میں سے لیا گیا تھا کہ وہ ایک جگہ رہیں اور اپنی پناہ گاہ کے طور پر شعب ابی طالب کا انتخاب کیا۔

اس معاہدے کی تحریر کو حرم سے نبوت کو مرتب کی گئی۔ نے سال و آثار اور طرز کیا گیا کہ الصحیفہ نبی ﷺ اور ان کے اہل قبیلہ شعب ابی طالب کے محصور ہو گئے۔ گھاٹی آج بھی بیت الحرام کے قریب ہی ایک بازار کی صورت میں موجود ہے۔ اسلام دشمنی سے، کئی ہی حلیف قریش والوں کی نظر سے چھپ گئے۔ اب تک تو بنی ہاشم، بنی مطلب اور بنی عبد مناف کے لوگ اسلام کی مخالفت کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کے خلاف تھے اور ان میں سے بعض تو اپنی دشمنی میں دوسروں سے آگے تھے، لیکن اب "ابو لہب" اور "عقبہ بن ابی معیط" ان کے درمیان قدر مشترک بن گیا تو ان کا دانی رویہ اسلام اور نبی اکرم ﷺ کے بارے میں تبدیل ہو گیا۔ پھر بدلی ہوئی حربی ساتھ نے انہیں اس تبدیلی کے مطابق کا موقع فراہم کیا جو اسلام نے ان کے مسلمان ہو جانے والے اہل قبیلہ میں پیدا کر دی تھی۔ جب کھانے کا کچھ نہ ملا اور درختوں کے پتے، چھال اور چمڑے کو ابال کر کھانے کا موقع آتا تب بھی ان مسلمانوں کے لبوں پر اللہ کے سوا کوئی اور بات نہ ہوتی۔ کھانے کی صورت میں اگر کوئی عورت کسی مسلمان کو کھانے کی کوئی چیز چھپ چھپا کر دے جاتا تو وہ خود کھانے کی بجائے کسی اور مستحق کو دیتا اور اس بات میں مسلم اور غیر مسلم کی بھی تمیز نہیں کرتا۔ حضور نبی کریم ﷺ کے غیر مسلم اہل قبیلہ بھی دیکھتے اور جو بھوک کے ہاتھوں اس تکلیف میں بھی مبتلا رہے ﷺ اور آپ کے رفقائے کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کس دل لگی کے ساتھ اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں اور کس طرح زہد اور کسی تشفی میں مبتلا اہل قبیلہ کی خدمت کرتے ہیں۔ مسلم اور غیر مسلم کی تفریق کے بغیر۔ اس طرح دیکھنے والی آنکھوں، تجزیہ کرنے والے ذہنوں اور محسوس کرنے والے دلوں میں اسلام اپنی جگہ بناتا رہا اور بالآخر مسلمانوں کا یہ وہ دور تھا جس میں اسلام کے جاں نثار

بھوکے کا دور بن گیا۔ (۱)

اس دور کا ایک اور اہم اور مثبت نتیجہ یہ مرتب ہوا کہ قریش کے قبائل کے کنبے ہی دلوں میں اس ظلم کے خلاف رد عمل پیدا ہوا۔ یہ اخلاقی ردعمل اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں رکھا ہے اور یہ گھرانوں کے بعد میں بھی افراد کے دلوں کو روشن رکھتا ہے۔ اس ظالمانہ معاہدے کے خلاف کئی قریشی نوجوانوں کے دلوں میں ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوا۔ یہ لوگ شعب ابی طالب میں پھنسے ہوئے مسلمانوں تک کھانے پینے اور ضرورت کی دوسری چیزیں پہنچانے لگے۔ ہشام بن عمرو بن حارث فہری، زہیر بن ابی امیہ مخزومی، ہشام بن عتبہ بن ربیعہ، ابوالبختری اور زمعہ بن اسود ایک دوسرے سے مل کر اس عہد نامہ کو ختم کرنے کے سلسلہ میں مشورے کرتے رہے۔ ادھر ابو جہل طلا نے اپنے دوستوں کو اطلاع دی کہ کعبہ کی چھت پر کیے اس صحیفہ کو دیمک نے چاٹ کر بے معنی الفاظ میں بدل دیا ہے۔ ایک دن جب یہ نوجوان مسجد الحرام میں عہد نامے کو چاک کرنے کی بات بلند آواز میں کر رہے تھے تو ابو طالب حرم میں داخل ہوئے اور انہوں نے فرمایا کہ میرے بھتیجے کا دعویٰ ہے اس عہد نامے کو دیمک نے چاٹ لیا ہے۔ میرے بھتیجے کا دعویٰ آج تک کوئی غلط بات نہیں نکلی ہے۔ عہد نامہ نکلوا کر دیکھو۔ اگر یہ بات صحیح ہے تو عہد نامہ منسوخ اور اگر محمد ﷺ غلط ہے تو میں محمد ﷺ کو تمہارے حوالے کرنے پر تیار ہوں۔ کہ قریش کے آدمی آئے اور عہد نامہ نکالا گیا۔ اب کعبہ کی چھت پر سے عہد نامہ اتار کر دیکھا گیا تو اس پر سوائے بسمک اللھم کے الفاظ کے کوئی لفظ دیمک کا چھوڑے سے نہیں چھوڑا تھا۔ یوں یہ عہد منسوخ ہوا اور بنی ہاشم، بنی مطلب، بنی عبد مناف اپنے گھروں کو لوٹے۔ (۲) ہم نے اس واقعے کو تفصیل سے لکھا ہے۔ اگر یہ پورا دور مسلمانوں کی سالمیت اور پر ثابت کے واقعات کو راستہ مہیا کرتا ہے۔

اس سے یہ حقیقت ہمارے سامنے آتی ہے کہ اہل ایمان کے صبر اور استقامت سے

---

(۱) ابن ہشام، ج ۲، ص ۳۷

(۲) ابن کثیر، ابوالفداء، البدایہ والنہایہ، بیروت، مکتبہ المعارف، ۱۹۶۶ء، ج ۳، ص ۷۰

(۳) ایضاً

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

وشمنی اور عناد کی بنا پر کس طرح مخالفت کرتے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم تنگ نظری اور تعصب کے بجائے حق کو قبول کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔

یہ آیات اخلاقی تعلیمات کا بہترین نمونہ ہیں۔ اور اولوالعزم رسولوں کا اظہار ہے اور رسول اللہ ﷺ کو ان اولوالعزم کے مرد ار تھے۔ اس سلسلہ میں سورت کی طرف قرآن حکیم بار بار ہماری توجہ مبذول کراتا ہے:

فاصبر كما صبر أولو العزم من الرسل ولا تستعجل لهم ۚ كأنهم يوم يرون ما يوعدون لم يلبثوا إلا ساعة من نهار (۳)

"پس (اے رسول ﷺ) آپ ایسا صبر کریں جیسا اولوالعزم رسولوں نے کیا اور ان کے لئے جلدی طلب کرنے میں عجلت نہ کریں۔ یہ جس دن وہ عذاب دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو ان کو یوں معلوم ہوگا کہ دن کی صرف ایک گھڑی دنیا میں رہے تھے۔"

حضرت ابی طالب نبی کریم اور آپ کی دعوت کے بڑے مضبوط حامی اور آپ کے محافظ رہے جاتے ہیں۔ اس اضافی محن سال کی مدت میں سرور کونین حضرت محمد ﷺ کا ہر لحظہ میں تو توقع نہ کر سکتے لیکن قریب و جوار کی بستیوں اور قافلوں کی ٹھاٹیوں میں کام شروع فرماتے اور ان تک اسلام کا پیغام پہنچاتے۔ وہ جب ان علاقوں میں تشریف لے جاتے تو آپ ﷺ کے چچا آپ کا سایہ بن کر ساتھ رہتے اور مخالفت کرنے والوں کے سامنے آپ کے بارے میں دلائل پیش کرتے۔ لوگ جب آپ ﷺ کے اخلاق حسنہ اور عظمت سے متاثر ہوتے اور آپ کے دعوات سے متفق ہوتے تو آپ کا کام کچھ آسان تر ہو جاتا۔ اسی زمانے میں بنی عبد مناف، بنی نصر بن عبد الدار، بنی اسد بن عبد العزیٰ، بنی زہرہ، بنی تیم اور بنی جمح کے قبیلوں کے سردار آپ ﷺ کی ملاقات کو آئے۔ آپ کے چچا ابوطالب ہر ملاقات کے وقت موجود رہتے اور آپ کے کلام میں حکمت کے پہلو کو لوگوں پر اثر ڈالتے رہے اور اس طرح اسلام کے لئے راہ ہموار کرتی گئی۔

۳۔ الاحقاف ۳۵

عام الحزن اور سفر طائف

وہ سال کا وہ سال تھا کہ آپ ﷺ کے سر سے شفقت کا وہ سایہ اٹھ گیا جس کا نام ابوطالب تھا۔ جناب ابوطالب کی زندگی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت اور حفاظت میں کئی گئی آخری وقت میں جب قریش کی موجودگی میں آپ ﷺ کی زبان سے کلمہ طیبہ ادا نہ ہو سکا تو کہیں فیصلہ کرنے والے نے اسے بزدلی کی علامت نہ سمجھیں۔

جناب ابوطالب کی وفات کے چند دن کے بعد ہی ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی اپنے ابدی سفر پر روانہ ہو گئیں جنہوں نے سب سے پہلے آپ ﷺ کی تصدیق کی تھی اور آپ پر ایمان لائی تھیں، جس کی بدولت آپ کے لئے سکینت اور راحت کا سامان تھا، جنہوں نے جبرائیل کی معرفت آپ ﷺ کو اپنا سلام بھیجا تھا، جس ذات کے وسیلے سے آپ ﷺ نے آپ کو خدا کی اور جو ہر لمحہ آپ کے ساتھ دل میں ایک زندہ وجود کی طرح محسوس کی جس کی روشنی آپ کی ساری تکلیف دہ راتوں میں ایک شمع کی طرح جلتی رہی اور جس کی محبتوں اور الفت کے ساتھ حسن سلوک حضور ﷺ نے ہمیشہ یاد رکھا۔ ان دونوں ہستیوں کے انتقال کی وجہ سے یہ سال عام الحزن کہلایا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کا ذکر ہی ہے جو مواہب لدنی قرآن ہے کہ ان کی وفات ماہ رمضان المبارک ۱۰ سال نبوی میں ہوئی۔[۱]

ایک طرف تو زندگی میں یہ دو اہم دوسری طرف قریش والوں کے ظلم و ستم بڑھتے گئے اس عالم میں اللہ کا رسول ایک لمحے کے لئے بھی اپنے ثابت قدمی اور رسالت سے غافل نہیں رہا۔

۱۔ مواہب لدنی ج ۱ ص ۱۴۲

۲۔ مواہب لدنی ج ۱ ص ۱۴۳

ہم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

اعلانِ نبوت سے پہلے آپ ﷺ کی شخصیت سے چند ایسی نمایاں خصوصیات کا ظہور ہوا جن کی بدولت آپ ﷺ کی پاکیزہ سیرت کی خوشبو ہر طرف پھیل گئی اور ہر شخص آپ ﷺ کی طرف کھنچا چلا آیا۔ آپ ﷺ کی ان خصوصیات میں سے ایک اہم خصوصیت آپ ﷺ کا امین ہونا تھا۔ آپ ﷺ کی امانت و دیانت کی گواہی نہ صرف آپ ﷺ کے دوست احباب دیتے تھے بلکہ آپ ﷺ کے دشمن بھی آپ ﷺ کی امانت و دیانت کے قائل تھے۔ آپ ﷺ کے پاس لوگ اپنی امانتیں رکھواتے تھے۔ آپ ﷺ کی امانت و دیانت کا یہ عالم تھا کہ جب آپ ﷺ نے ہجرت کا ارادہ فرمایا تو آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر پر سلایا تاکہ وہ لوگوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیں۔ آپ ﷺ کی امانت و دیانت کا ذکر قرآن مجید میں بھی موجود ہے۔ سورۃ الدخان میں ارشاد ہوتا ہے:

وَلَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝ أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ وَأَنْ لَا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي آتِيكُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُونِ ۝ وَإِنْ لَمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ۝ (۱)

اور بے شک ان کے پاس معزز رسول آیا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو بے شک میں تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں۔ اور یہ کہ تم اللہ کے مقابلے میں سرکشی نہ کرو بے شک میں تمہارے پاس روشن دلیل لایا ہوں۔ اور بے شک میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ لے چکا ہوں اس سے کہ تم مجھ پر حملہ کرو۔ اور اگر تم میرا یقین نہ کرو تو مجھ سے الگ رہو۔

آپ ﷺ کی امانت و دیانت کا ذکر سورۃ القلم میں بھی موجود ہے۔ جب مشرکین آپ ﷺ کو مجنون کہتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ۝ مَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ۝ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ۝ بِأَيِّكُمُ الْمَفْتُونُ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ (۲)

نون، قلم اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں (سب کی) قسم۔ آپ اپنے رب کی نعمت سے مجنون نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کے لیے بے انتہا اجر ہے۔ اور بے شک آپ اخلاق کے بڑے مرتبے پر فائز ہیں۔ پس عنقریب آپ بھی دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے۔ کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے۔ بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے۔

۱۔ الدخان ۴۴: ۱۷-۲۲

۲۔ القلم ۶۸: ۱-۷

رحمت اس سے بڑھ کر ہے جو لوگ جمع کرتے ہیں۔

ان آیات میں کفار کے دنیا کی سعادت، اس کا حصول اور اس کی بقا کے بارے میں جو نظریات تھے ان کی تردید کی گئی ہے اور ان کی بے بنیادی واضح کی گئی ہے۔ ان آیات میں ان کے استدلال کی حیثیت بھی واضح کر دی گئی ہے کہ آپ کے پاس رحمت کو یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ پھر اللہ تعالیٰ نے اس استدلال کی بنیاد بننے والی اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی روزی کیسے تقسیم کی ہے۔ کیا اس نے تمام دنیا کو ایک ہی طرح کی روزی عطا کر دی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے تحت ہر شخص کو اس کی ضرورت کے مطابق روزی عطا کی ہے۔ ہر شخص کی روزی میں اس کی ضرورت کے مطابق کمی بیشی کی ہے۔ اس کی تقسیم میں اس کی حکمت کارفرما ہے۔ اس کی تقسیم کا تعلق اس کی رحمت سے ہے۔ اس کی رحمت کا تعلق اس کی حکمت سے ہے۔ اس کی رحمت اور اس کی حکمت کا تعلق اس کے علم سے ہے۔ اس کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اس کی رحمت اور اس کی حکمت کے مطابق اس نے اپنے رسول ﷺ کو اپنی رحمت سے نوازا ہے۔ آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت کا تعلق اللہ تعالیٰ کی حکمت سے ہے۔ آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت کا تعلق اللہ تعالیٰ کے علم سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اللہ تعالیٰ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مک

www.KitaboSunnat.com

کی کہ آپ حکم دیتے تھے کہ جس قوم میں باہمی مخالفت اور قتل و غارت ہو اس کے درمیان صلح کرا دیا کرو۔ (۳) حضور ﷺ کی نظروں کے سامنے وہ مشرک بھی تھے جنہوں نے اسلام کی روشنی سے اندھیرے دلوں کو روشن کر دیا تھا اور مشرکوں کی وہ نیک نسلیں بھی جنہوں نے اسلام کی روشنی سے شرق و غرب کو روشن کر دیا تھا۔

اخلاق کی آخری بلندی یہ ہے کہ جب مجبور قوموں پر شباب طاری فرمایا اور اس وقت جب ان لوگوں میں کوئی رجل رشید (بھلا آدمی) نہیں تھا اور ان کے اور راست پر آنے کی کوئی امید نہیں تھی۔ حضرت محمد ﷺ تو سر جھکا کر رہے اور کہنے لگے ان کی اس جہالت کی تلافی ہو جائے گی ان کے بیٹے ہیں ایسے لوگ بڑی تعداد میں مسلمان ہو گئے تھے جو اپنی اپنی جگہ ایک امت تھے۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نے کیسی یہ بات تحریر فرمائی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی بعثت محض ایک رسول کی بعثت نہیں تھی بلکہ رسول کے ساتھ ایک امر بھی مبعوث فرمائی گئی تھی

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (۴)

تم پر جو بڑا احسان ہوا وہ انسانوں کے لئے نبوت کی (پیدائش) تھی۔ تم میں سے (اعلیٰ) انسان (پیغمبر) بھیجے جو انہیں (خدا کی) آیتیں پڑھ کر سناتے اور ان کو پاک کرتے اور (خدا کی) کتاب اور دانائی کی باتیں سکھاتے ہیں۔

اگرچہ ان کی بعثت ہے لیکن نبوت کا وجود اور بقاء قیامت تک مسلمانوں میں ہونا چاہئے اور اس کی اگلی ہی آیت میں فرمایا گیا ہے

لَمَّا اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۵)

یہ کیسی کوئی مصیبت نہیں آ سکتی ہے مسلمانوں کے اوپر مگر تم نے بھی

۳۔ بخاری، ج ۱، ص ۳۷۶
۴۔ آل عمران، ج ۲، ص ۳
۵۔ آل عمران، ۱۶۵
۶۔ آل عمران، ۱۶۵

[illegible] کی مدد نہیں کی جائے گی۔

سورۂ آل عمران کی آیات نمبر ۱۶۵ اور ۱۶۶ میں اگرچہ مخاطب اہل اُحد ہے ہے۔ [illegible] بھی غور کرنا بھی اس واقعہ اور فوج کشی کے مخاطب ہیں۔

